Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 | اتوار 13 نومبر 2022ء 17 ربیع الثانی 1444ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 184

کرائم کے خاتمے کیلئے ہارڈ پولیسنگ کی جائے، لاہور میں 8 نئے تھانے بنانے کا فیصلہ کیا گیا جس کی وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے منظوری دیدی

وزیراعلیٰ پنجاب کا لاہور میں جرائم کو ہر صورت کنٹرول کرنے کا حکم

ملتان اور راولپنڈی میں بھی فرانزک لیب بنے گی۔ فرانزک لیب کی توسیع اور بہتری کے لئے ڈیفڈ حکام نے تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اجلاس میں ڈولفن پولیس کے افعال کا راز سرنو طے کرنے کا فیصلہ کیا گیا

پٹرولنگ پولیس کی وجہ سے ماضی میں جرائم میں نمایاں کمی آئی، پٹرولنگ پولیس کو شہباز دور میں غیر فعال کرنے سے کرائم بڑھا اور بدامنی پھیلی جرائم کے خاتمے کے لئے پولیس کی معاونت اور پشت پناہی کریں گے

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے لاہور میں جرائم کو ہر صورت کنٹرول کرنے کا حکم دیدیا، دو ہفتے میں رپورٹ طلب کر لی، لاہور میں آٹھ نئے تھانے کی منظوری دیدی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی اور مشیر داخلہ عمر سرفراز چیمہ، سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ لاہور میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ، سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر نے بریفنگ دی، وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی نے لاہور میں جرائم کو ہر صورت کنٹرول کرنے کا حکم دیتے ہوئے دو ہفتے میں رپورٹ طلب کر لی۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ کرائم کے خاتمے کے لئے ہارڈ پولیسنگ کی جائے۔ لاہور میں 8 نئے تھانے بنانے کا فیصلہ کیا گیا جس کی وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے منظوری دے دی۔ پرویز الٰہی نے یقین دلایا کہ لاہور سمیت پنجاب کے تھانوں میں پولیس نفری بتدریج پوری کی جائے گی، وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ لاہور میں کرائم کو ہر صورت کنٹرول کیا جائے گا۔ اجلاس میں فرانزک لیب کی توسیع اور دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا چودھری پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ ملتان اور راولپنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

مذاکرات سے قبل پاکستان اہداف پر مکمل عملدرآمد کرے، آئی ایم ایف

آئی ایم ایف سے سیلاب کے باعث اخراجات بڑھنے پر بات ہوئی، سیلاب میں ایمرجنسی فنڈ اور دستیاب وسائل کو استعمال میں لایا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے مذاکرات سے قبل پاکستان سے اہداف پر مکمل عملدرآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر محصولات کے ہدف میں اضافہ کرے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

شادی سے انکار پر لڑکی پر تیزاب پھینک دیا گیا، ملزم گرفتار

تہمینہ نے آصف سے شادی سے انکار کیا، دوست رزاق نے لڑکی پر تیزاب پھینک دیا

لاہور (یو این پی) کاہنہ میں شادی سے انکار پر لڑکی پر تیزاب پھینک دیا گیا، پولیس نے بروقت کارروائی کر کے خاتون پر تیزاب پھینکنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن حسن جاوید بھٹی کی سربراہی میں کاہنہ پولیس نے بروقت کارروائی کر کے واقعہ میں ملوث مرکزی ملزم آصف کو گرفتار کیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کے مطابق دوست آصف کو شادی سے انکار پر اس کے دوست رزاق نے 25 سالہ تہمینہ پر تیزاب پھینک دیا، ملزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

نیشنل سیکیورٹی پالیسی کے نئے اہم عہدہ کا فیصلہ لندن میں ہو رہا ہے، عمران خان

عمران خان کی کال جس دن عوام باہر نکلی اسی دن نظر آ گیا تھا کہ پاکستان پچھلے پچھتر سال والا پاکستان نہیں رہے گا

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ مہذب دنیا میں ایسا نہیں ہو سکتا کہ مجرم اہم تعیناتی کا فیصلہ کریں۔ میرے اوپر الزامات ہیں آرمی چیف کی تعیناتی کا معاملہ متنازع کر دیا ہے، میں کہتا ہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کا وفد ملاقات کر رہا ہے

فارن ایجنٹ نے چار سال سے ملک وقوم کو تماشا بنا رکھا ہے لیکن عمران خان کے تمام تماشے بے نقاب ہو چکے ہیں

عمران خان کے تماشے بند ہونے کا وقت ہو چکا، وزیر اطلاعات مریم

چار سال نالائقی، نااہلی اور جھوٹ کا تماشا لگایا، چار سال الزام بہتان اور جھوٹ کا تماشا لگایا، عوام کے روزگار اور مہنگائی پہ تماشا لگایا، عمران صاحب اب آپ کے تماشے بند ہونے کا وقت ہو چکا ہے

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ چار سال سے فارن ایجنٹ نے ملک وقوم کو تماشا بنا رکھا ہے، عمران خان کے تمام تماشے بے نقاب ہو چکے ہیں جن کے بند ہونے کا وقت آ چکا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ عمران خان خود تماشا بن چکا ہے اور چار سال سے فارن ایجنٹ نے ملک و قوم کو تماشا بنا رکھا ہے، عمران خان کے تمام تماشے بے نقاب ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان آپ نے اس ملک میں 2014ء سے تماشا لگایا ہوا ہے، چار سال نالائقی، نااہلی اور جھوٹ کا تماشا لگا (باقی صفحہ 73 بقیہ نمبر 5)

یمن میں حوثیوں کی زینبیات ملیشیا کے جرائم، خواتین پر تشدد، ریپ اور قتل کے واقعات

صنعاء (یو این پی) انسانی حقوق کی ایک رپورٹ میں دسمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف کی لندن سے پاکستان نہ آنے کی وجہ سامنے آ گئی

وزیراعظم کی ایئرپورٹ پر روانگی سے قبل طبیعت ناساز ہو گئی، فیملی ذرائع

لندن (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف کی لندن سے پاکستان نہ آنے کی وجہ سامنے آ گئی۔ فیملی ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی وطن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

روس نے بھی پابندیوں کا ہتھیار اٹھا لیا، 200 امریکیوں کے روس داخلے پر پابندی

ماسکو (یو این پی) روس نے بھی امریکہ اور یورپی ممالک کی طرف اپنے مخالفین کے خلاف پابندیاں لگانے کا ہتھیار استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ جمعہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان میں طاقتور کو جیل میں نہیں ڈالا جاتا اس سے ڈیل کی جاتی ہے، اسلم اقبال

سارے چور مل کر ملک کا انتہائی اہم فیصلہ کرنے جا رہے ہیں، سینئر صوبائی وزیر کا بیان

لاہور (یو این پی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ ایک وہ ہے جسے پاکستان آنے کا کہیں تو کہتا ہے اندر ہو جاؤں گا، پاکستان واپسی کے نام پر کہتا ہے کہ میری جان کو خطرہ ہے اور ایک کپتان ہے جسے کہیں کے اندر بیٹھیں تو کہتا ہے یہ تمہارے ایمان کی کمزوری ہے، جس کا یقین ہے کہ جو رات قبر میں ہے اسے کوئی آگے پیچھے نہیں کر سکتا۔ اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں مقامی الیکشن سیاسی حقوق بحال کرنے چاہئیں، امریکا

امید ہے آئندہ برسوں میں کشمیر میں یہ امن یقینی بنایا جا سکے گا، ڈونلڈ لو نے سابق وزیراعظم عمران خان سے متعلق سوال کا جواب نہیں دیا

واضح کرنا چاہتا ہوں کشمیر سے متعلق امریکی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی محکمہ خارجہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری ڈونلڈ لو کا کہنا ہے کہ امریکا نے بھارت میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر اعلیٰ سطح پر بات چیت کی ہے۔ ڈونلڈ لو نے برطانوی نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ واضح کرنا چاہتا ہوں کشمیر سے متعلق امریکی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے، دیرینہ مسئلے کا حل پاک بھارت مذاکرات سے ہی ممکن ہے، امریکا نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

دبئی، وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے دبئی اسلامک کمرشل بنک کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چھوٹی چھوٹی چپقلشوں میں پڑے رہے تو ترقی نہیں کر سکیں گے، صدر عارف علوی

گاڑی مالکان کی شکایات پر وفاقی ٹیکس محتسب نے 5 فیصد زیادہ ٹیکس مالکان کو واپس کروایا

سیمینار میں زائد ٹیکس دینے والے 12 سے زائد سوزوکی مالکان میں رقوم ری فنڈ کرنے کے چیک بھی تقسیم کئے گئے

لاہور (نیوز ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کیلئے ٹیکس نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں، ٹیکس چوری سے ملکی معیشت متاثر ہوتی ہے، ملک بڑی آزمائشوں میں ہے، چھوٹی چھوٹی چپقلشوں میں پڑے رہے تو ترقی نہیں کر سکیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں ٹیکس آگاہی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

حاجی طارق آفریدی نے رائیونڈ اجتماع میں عالمی مبلغ مولانا طارق جمیل کے ساتھ ملاقات کی

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) معروف صنعتکار حاجی طارق آفریدی نے رائیونڈ اجتماع میں عالمی مبلغ مولانا طارق جمیل کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات میں طارق آفریدی نے کہا کہ دونوں جہانوں کی کامیابی دین میں ہے اور دین اسلام کی تبلیغ کیلئے مولانا طارق جمیل صاحب کی کوشش بے انتہا ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوری دنیا میں طارق جمیل نے لوگوں کو اسلام کے راستے پر لایا اور دونوں جہانوں کی کامیابی دین اسلام کے عمل ہونے پر ہیں۔

راولپنڈی، ہوائی فائرنگ، ناجائز اسلحہ رکھنے والی 6 ملزمان

ملزمان سے اسلحہ وایمونیشن برآمد، پولیس نے مقدمات درج کر لئے

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی پولیس نے ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والی 6 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ وایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم حماد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم علی سی 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، جاتلی پولیس نے ملزم عبدالمنان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم سمیع سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن اور ملزم حسیب سے 06 روند، ائیر پورٹ پولیس نے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم شیراز سے 12 روند برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہیگا۔ راولپنڈی پولیس نے ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والی 6 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ وایمونیشن برآمد کر لیا۔

فلاپ لانگ مارچ کی وجہ سے فیس سیونگ کیلئے حملے کا ڈرامہ رچایا گیا، رانا تنویر حسین

نواز شریف کی واپسی پر تحریک انصاف نظر نہیں آئیگی، مرکزی رہنما (ن) لیگ

لاہور (یو این پی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ عمران خان نے وزیر آباد میں اپنے آپ پر خود حملہ کرانے کا ڈرامہ رچایا، فلاپ لانگ مارچ کی وجہ سے فیس سیونگ کے لئے ڈرامہ رچایا گیا، جس ریسکیو اہلکار نے عمران خان کو ابتدائی طبی امداد دی اسے معطل کیا جا رہا ہے، اس اہلکار کا کہنا تھا عمران خان کو معمولی چوٹ آئی، نواز شریف اسی سال واپس آئیں گے نواز شریف کی واپسی پر تحریک انصاف نظر نہیں آئے گی۔ مجی ٹی وی کے مطابق اپنے بیان میں رانا تنویر حسین نے کہا کہ قوم کی عمرانی فتنے سے جان چھوٹنے والی ہے، دن بدن عمران خان قوم کے سامنے بے نقاب ہو رہا ہے، عمران خان کا جھوٹ بے نقاب ہو چکا، عوام نے اسے مسترد کر دیا، عمران خان صوبائی حکومتوں کے وسائل کا بے دریغ استعمال کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زمان پارک لاہور میں خیبر پختونخواہ اور گلگت بلتستان کی پولیس تعینات کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف اسی سال واپس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اکبر آفریدی ڈسٹرکٹ خیبر پولیس آفیسر عمران چترالی ایک ایماندار پولیس آفیسر ہے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ڈسٹرکٹ خیبر پولیس آفیسر عمران چترالی ایک ایماندار پولیس آفیسر ہے جو اپنا ڈیوٹی ایمانداری کے ساتھ نبھا رہا ہے کچھ لوگ اسکے سختی سے پریشان ہے ڈی پی او صاحب کا #خیبر کے لے آپکی موجودگی بہت ضروری ہیں بہت کم افیسر آپ جیسے اتے ہیں بہترین افسر کی یہی نشانی وخوبی ہوتی ہے کہ وہ ہر ماتحت کا خیال رکھتے ہیں انکے جزبہ اور ہمدردی کو دیکھ کر دل سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

گوجر خان میں گراں فروشی عروج پر سبزی فروش ریٹ لسٹ سے مہنگے بکنے لگے

پرائس مجسٹریٹس بازاروں میں کہیں بھی نظر نہیں آتے، اے سی گوجر خان کے کڑا امتحان

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان میں گراں فروشی کا جن بے قابو انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار نبھانے میں مصروف پرائس مجسٹریٹس بازاروں میں کہیں بھی نظر نہیں آتے دفتروں میں بیٹھ کر سب اچھا کی رپورٹس ڈی جانے لگی سبزی فروش فروٹس ریٹ لسٹ مین دیے گے نرخوں سے مہنگی فروخت کرنا دکانداروں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

گوادر پورٹ پر پیری میٹرک سکیورٹی سسٹم کی تنصیب کیلئے ٹینڈرز طلب

پاک چائنا فرینڈ شپ ایونیو گوادر میں ٹینڈرز کھولے جائیں گے

لاہور (یو این پی) گوادر پورٹ اتھارٹی نے شہر کو مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے محفوظ بنانے کی غرض سے گوادر پورٹ پر جدید ترین سکیورٹی سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ کیا ہے جس کیلئے کمپنیوں سے ٹینڈرز بھی طلب کر لئے گئے ہیں۔ گوادر پورٹ اتھارٹی نے پیپرا رولز کے مطابق پیری میٹرک سکیورٹی سسٹم کی تنصیب کے لئے متعلقہ شعبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سود سے متعلق شرعی عدالت کے فیصلے کیخلاف اپیل واپس لینے کیلئے درخواست جمع

تاہم سٹیٹ بینک نے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر دی

اسٹیٹ بینک اور نیشنل بینک وفاقی شریعت کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر اپیلیں واپس لیں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے شرعی عدالت کی جانب سے سود کے خاتمے کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر اپیل واپس لے لی۔ حکومت کی جانب سے سٹیٹ بینک کے وکیل سلمان اکرم راجہ نے سپریم کورٹ میں متفرق درخواست دائر کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی شرعی عدالت کے خلاف اپیل زیر التوا ہے، اپیل واپس لینے کی متفرق درخواست منظور کی جائے۔ یاد رہے کہ وفاقی شرعی عدالت نے سودی نظام کے خاتمہ کا حکم دیا تھا تاہم سٹیٹ بینک نے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر دی۔ واضح رہے کہ 9 نومبر کو وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ سٹیٹ بینک اور نیشنل بینک وفاقی شریعت کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر اپیلیں واپس لیں گے۔

لندن میں استخارہ کی میٹنگ 7 روزہ چلے میں بدل گئی، شیخ رشید

پاکستان کا نوجوان گونگا بہرہ نہیں رہا، غریب کو پینا ڈول مل رہی ہے نہ انسولین، راولپنڈی پہنچنے پر عمران خان کا تاریخی استقبال کروں گا

پوسٹمارٹم کی رپورٹ نہیں مل رہی، وزرا دفتر نہیں جا رہے، پنڈی میں بچیوں کے 50 سکول کالج اور 5 یونیورسٹیاں بنائی ہیں

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ لندن میں استخارہ کی میٹنگ 7 روزہ چلہ میں بدل گئی، تعیناتی پسند نا پسند پر نہیں بلکہ آئین اور قانون کے مطابق میرٹ پر ہوگی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں شیخ رشید احمد نے لکھا کہ احتساب، حساب اور انتخاب ہو کر رہے گا، مفرور ملزم لندن میں بیٹھے اہم فیصلوں کے نام پر قوم کا مذاق اڑا رہے ہیں، 30 نومبر کے بعد 13 پارٹیاں تیتر بیتر ہو جائیں گی۔ سابق وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان کا نوجوان گونگا بہرہ نہیں رہا، غریب کو پینا ڈول مل رہی ہے نہ انسولین، راولپنڈی پہنچنے پر عمران خان کا تاریخی استقبال کروں گا، 15 دن اہم ہیں اس لئے 30 نومبر تک ٹی وی نہیں ٹویٹر پر چلا گیا ہوں۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے مزید کہا کہ FIR کٹ نہیں رہی، پوسٹمارٹم کی رپورٹ نہیں مل رہی، وزرا دفتر نہیں جا رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، خاتون اول ثمینہ علوی خصوصی بچوں کے انسٹیٹیوٹ کا دورہ کر رہی ہیں

جھنگ، پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما اسد عمر لانگ مارچ کے شرکاء کے نعروں کا ہاتھ ہلا کر جواب دے رہے ہیں

پنجاب حکومت نے چھٹی تا آٹھویں جماعت تک نئی کتابوں کی چھپائی کی منظوری دیدی

فیصل آباد (یو این پی) پنجاب حکومت نے چھٹی تا آٹھویں جماعت تک نئی کتابوں کی چھپائی کی منظوری دیدی، مڈل کی نئی کتابیں آئندہ سال سے مارکیٹ میں دستیاب ہونگی۔ ترجمان پنجاب کریکلم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے میڈیا کو بتایا کہ حکومت پنجاب فیسنگل بیشک کریکولم کے سیکنڈ فیز کی بھی منظوری دیدی ہے۔ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے اگلے سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

عمران خان اور دیگر پی ٹی آئی رہنما شرافت کا ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں، شرجیل میمن

تحریک انصاف کا مقصد ہے کہ ہر ادارہ ٹائیگر فورس کی طرح کام کرے

کراچی (یو این پی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ عمران خان اور دیگر رہنما شرافت کا ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں، عمران خان غیر اخلاقی زبان اور مخالفین پر بہتان لگاتے ہیں۔ اگر عمران خان نے اپنی زبان کو قابو میں نہ رکھا تو عوام انہیں معاف نہیں کریں گے۔ شرجیل میمن نے اپنے بیان میں کہا کہ عمران خان نے معزز عدلیہ اور الیکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

فیصل آباد میں مختلف حادثات وواقعات میں 7 سالہ بچہ جاں بحق

اطلاع ملنے پر ریسکیو 112 کی امدادی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچی تاہم مضروب علی دم توڑ چکا تھا

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد میں مختلف حادثات وواقعات میں 7 سالہ بچہ جاں بحق اور 12 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد جھمرہ روڈ پر مہندی محلہ ریلوے کراسنگ کے قریب 7 سالہ بچہ علی ولد ذاکر ولی کھیلتے ہوئے ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچی تاہم مضروب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سکھ یاتری گرونانک کا جنم دن کے موقع پر لاہور پہنچنے پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ہیا کارڈ رکھنے والے عمرہ کر سکتے ہیں، سعودی عرب کی وضاحت

زمینی راستہ سے قطر جانے کیلئے ہیا کارڈ رکھنے والوں کو عمرہ کرنے کی بھی اجازت ہوگی، بیان

ریاض (یو این پی) قطر میں ورلڈ فٹ بال کپ کے میچ دیکھنے کیلئے قطر جانے کیلئے سعودی عرب سے گزرنے والوں کے لئے سعودی حکومت نے بڑی خوشخبری سنا دی۔ سعودیہ نے کہا کے سعودیہ میں داخل ہو کر زمینی راستہ سے قطر جانے کیلئے ''ہیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

لاہور، صدر عارف علوی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

فیسکو میں بھرتیاں، تحریری امتحان کیلئے امیدواروں کی فہرستیں این ٹی ایس کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دی گئیں

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں بھرتی کیلئے اشتہار شائع ہونے کے بعد جن امیدواران نے جونیئر انجینئر زو ایس ڈی او الیکٹریکل، جونیئر انجینئر و ایس ڈی او سول اور ریونیو آفیسرز کی آسامیوں کیلئے بذریعہ این ٹی ایس اپلائی کیا تھا ان کی لسٹیں این ٹی ایس کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

ٹرمپ کی بیٹی ٹیفانی اور لبنانی منگیتر کی شادی سمندری طوفان کی زد میں آ گئی

واشنگٹن (یو این پی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خواہش اور ان کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں مدعو کی گئی پانچ سو اہم شخصیات کی خواہش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

عمرہ زائرین کی سہولت کیلئے طبی اداروں کی تعداد میں اضافہ

زائرین ہیلتھ انشورنس پروگرام کے تحت مملکت میں 2 ہزار 476 سے زیادہ صحت کے اداروں سے مستفید ہو سکتے ہیں

مکہ مکرمہ (یو این پی) سعودی عرب نے عمرہ زائرین کی سہولت کے لیے طبی اداروں کی تعداد میں اضافہ کر دیا۔ سعودی گزٹ کے مطابق سعودی وزارت حج وعمرہ نے زائرین کے لیے میڈیکل انشورنس سروس متعارف کرائی ہے، اس ضمن میں سعودی وزارت حج وعمرہ نے کہا ہے کہ سال رواں 1444ھ کے عمرہ سیزن کے دوران بیرون مملکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اردن کے شہریوں کا اسرائیل سے پانی وشمسی توانائی معاہدہ کیخلاف احتجاج

عمان (یو این پی) ہزاروں اردنی شہریوں نے اسرائیل اور اردن کے درمیان پانی اور شمسی توانائی کے حالیہ معاہدے کیخلاف احتجاج کیا ہے۔ اردن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سابقہ منگیتر نے خاتون کے شوہر کی ناک کاٹ دی

پولیس نے 6 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی

صادق آباد (یو این پی) پنجاب کے شہر صادق آباد رشتہ نہ ملنے کی رنجش پر لڑکی کے سابقہ منگیتر نے شوہر کی ناک کاٹ دی۔ صادق آباد تھانہ کوٹ سبزل کی حدود گوٹھ درگاہی میں مذکورہ واقع پیش آیا۔ واقعے کے بعد لڑکی کے شوہر کو تشویشناک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پاکستان کیساتھ باہمی اعتماد کا بے مثال تعلق مزید مضبوط ہوگا، چینی سفیر

چین اپنی جاری ترقی سے پاکستان اور باقی دنیا کیلئے اپنے دروازے کھلے رکھنے اور مواقع فراہم کرنے کی بنیادی پالیسی پر کاربند رہے گا

کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعاون، دوطرفہ سطح سے کثیر جہتی اور بین الاقوامی سطح تک پہنچ چکا ہے

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان میں چین کے سفیر نون رونگ کا کہنا ہے کہ پاکستان کیساتھ باہمی اعتماد کا بے مثال تعلق مزید مضبوط ہوگا کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعاون، دوطرفہ سطح سے کثیر جہتی اور بین الاقوامی سطح تک پہنچ چکا ہے۔ چینی سفیر نونگ رونگ نے کہا کہ چین کے صدر شی جن پنگ نے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے دو ماہ سے بھی کم عرصے میں دو دفعہ ملاقاتیں کی ہیں جو پاکستان چین تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے، وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین سے حاصل شدہ نتائج کیلئے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ چینی سفیر نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے چند دن پہلے چین کا پہلا سرکاری دورہ کیا اور اسی دوران چین کی کمیونسٹ پارٹی کی 20ویں نیشنل کانگریس کا انعقاد بھی ہوا، پاک چین تعلقات کے حوالے سے یہ دونوں مواقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

یوٹیلیٹی سٹورز پر برانڈڈ گھی اور چائے کی قیمتوں میں کمی

نوٹی فکیشن کے مطابق 80 گرام الائچی چائے کے نرخوں میں 45 روپے کمی کر دی گئی ہے

430 گرام الائچی چائے میں 357 روپے اور 900 گرام الائچی چائے کی قیمت میں 845 روپے کمی کی گئی ہے

اسلام آباد: حکومت نے یوٹیلیٹی اسٹورز پر برانڈڈ گھی اور چائے کی پتی کی قیمتوں میں کمی کر دی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز کے جاری کردی نوٹی فکیشن کے مطابق یوٹیلیٹی اسٹورز پر ایک کلو گھی کی قیمت میں 8 روپے کمی کی گئی ہے۔ ایک کلو کینگری ون کا برانڈڈ گھی 520 سے کم ہو کر 512 روپے کلو ہو گیا۔ اسی طرح پانچ کلو والے گھی کا ڈبہ 2625 روپے سے کم ہو کر 2580 روپے کا ہو گیا، 5 کلو گھی کے ڈبے کی قیمت میں 45 روپے کمی ہوئی ہے۔ گھی کی قیمتوں میں کمی کا اطلاق فوری کر دیا گیا ہے۔ نوٹی فکیشن کے مطابق 80 گرام الائچی چائے کے نرخوں میں 45 روپے کمی کر دی گئی ہے۔ 170 گرام الائچی چائے کی قیمت میں 100 روپے، 430 گرام الائچی چائے میں 357 روپے اور 900 گرام الائچی چائے کی قیمت میں 845 روپے کمی کی گئی ہے۔

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

جھوٹ معاشرے کی تباہی

جھوٹ ایک ایسی بیماری ہے جو معاشرہ میں بگاڑ پیدا کرتی ہے۔ لوگوں کے درمیان لڑائی، جھگڑا کا سبب بنتی ہے۔ دو آدمیوں کے درمیان عداوت و دشمنی کو پروان چڑھاتی ہے۔ اس سے آپس میں ناچاقی بڑھتی ہے۔ اگر ہم ایک صالح معاشرہ کا فرد بننا چاہتے ہیں؛ تو یہ ہماری ذمے داری ہے کہ ہم لوگوں کو جھوٹ کے مفاسد سے آگاہ اور باخبر کریں۔ جھوٹے لوگوں کی خبر پر اعتماد نہ کریں۔ کسی بھی بات کی تحقیق کے بغیر، اس پر ردعمل نہ کریں۔ اگر ایک آدمی کوئی بات آپ سے نقل کرتا ہے؛ تو اس سے اس بات کا ثبوت کا مطالبہ کریں۔ اگر وہ ثبوت پیش نہیں کر پاتا ہے؛ تو اس کی بات پر کوئی توجہ نہ دیں اور اسے دھتکاریں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ "نبی اکرمؐ کو جھوٹ سے زیادہ کوئی عادت ناپسند نہیں تھی؛ چناں چہ آپؐ کو اگر کسی صحابی کے حوالے سے یہ معلوم ہو جاتا کہ وہ دروغ گو ہے؛ تو آپؐ کے دل میں کدورت بیٹھ جاتی اور اس وقت تک آپؐ کا دل صاف نہیں ہوتا؛ جب تک یہ معلوم نہ ہو جاتا کہ اس نے اللہ سے اپنے گناہ کی نئے سرے سے توبہ نہیں کر لی ہے، سب جانتے ہیں کہ بے بنیاد باتوں کو لوگوں میں پھیلانے، جھوٹ بولنے اور افواہ کا بازار گرم کرنے سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ ہاں، اتنی بات تو ضرور ہے کہ یہی جھوٹ، چاہے جان کر ہو، یا انجانے میں ہو، کتنے لوگوں کو ایک آدمی سے بدظن کر دیتا ہے، لڑائی، جھگڑا اور خون وخرابہ کا ذریعہ ہوتا ہے، کبھی تو بڑے بڑے فساد کا سبب بنتا ہے اور بسا اوقات پورے معاشرے کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتا ہے۔ جب جھوٹ بولنے والے کی حقیقت لوگوں کے سامنے آتی ہے؛ تو وہ بھی لوگوں کی نظر سے گر جاتا ہے، اپنا اعتماد کھو بیٹھتا ہے اور پھر لوگوں کے درمیان، اس کی کسی بات کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا۔ لفظ جھوٹ کو عربی زبان میں " کذب " کہتے ہیں۔ خلاف واقعہ کسی بات کی خبر دینا، چاہے وہ خبر کرنا جان کر ہو، یا غلطی سے ہو، جھوٹ کہلاتا ہے۔) المصباح المنیر (اگر خبر دینے والے کو اس بات کا علم ہو کہ یہ جھوٹ ہے، تو وہ گنہگار ہوگا۔ پھر وہ جھوٹ اگر کسی کے لیے ضرر کا سبب بنے، تو یہ گناہ کبیرہ میں شمار کیا جائے؛ ورنہ تو گناہ صغیرہ ہوگا۔ مذکورہ بالا استثنائی صورتوں کے علاوہ ہمیں جھوٹ بولنے سے گریز کرنا چاہیے۔ جھوٹ کبیرہ گناہوں میں سے ہے؛ لہذا جھوٹ بولنا دنیا و آخرت میں، سخت نقصان اور محرومی کا سبب ہے۔ جھوٹ اللہ رب العالمین اور نبی کریمؐ کی ناراضگی کا باعث ہے۔ جھوٹ ایک ایسی بیماری ہے، جو دوسری بیماریوں کے مقابلہ میں بہت عام ہے۔ لوگ چھوٹی چھوٹی باتوں کے لیے جھوٹ کا ارتکاب کرتے ہیں اور اس بات کی پرواہ نہیں کرتے کہ اس جھوٹ سے انھوں نے کیا پایا اور کیا کھویا۔ جب لوگوں کو جھوٹے شخص کی پہچان ہو جاتی ہے؛ تو لوگ اس کو کبھی خاطر میں نہیں لاتے ہیں۔ جھوٹ بولنے والا شخص کبھی کبھار حقیقی پریشانی میں ہوتا ہے، مگر سننے والا اس کی بات پر اعتماد نہیں کرتا۔ ایسے شخص پر یقین کرنا مشکل ہو جاتا ہے؛ کیوں کہ وہ اپنے اعتماد و یقین کو مجروح کر چکا ہے۔ شریعت مطہرہ اسلامیہ میں جھوٹ بولنا اکبر کبائر) کبیرہ گناہوں میں بھی بڑا گناہ (اور حرام ہے جیسا کہ قرآن واحادیث کی تعلیمات سے ثابت ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "نما یفترِی الذِب الذِین لا یمنون بآیاتِ اللہِ وول ءِہم الاذِبون) ". سورنحل (105/

''سپہ سالار کی تعیناتی پر سیاست نامنظور''

نسیم الحق زاہدی

سابق وزیراعظم عمران خان نے درست کہا تھا کہ اگر مجھے حکومت سے نکالا گیا تو میں سب سے خطرناک ہو جاؤں گا۔ بلاشبہ حکومت سے بے دخلی کے بعد عمران خان نے اپنے قول وفعل سے یہ ثابت کر دیا کہ ان کے نزدیک ملکی سالمیت و قومی سلامتی کوئی معنی نہیں رکھتی انہیں صرف اقتدار عزیز ہے اور اس کے حصول کیلئے وہ آخری حد تک جا سکتے ہیں۔ ان کے جلسوں میں قومی سلامتی کے اداروں کیخلاف پروپیگنڈہ، سپہ سالار پاک فوج پر رکیک حملے، آئی ایس آئی سربراہ کے خلاف ہرزہ سرائی، گھیراؤ، جلاؤ پتھراؤ، انتشار، لانگ مارچ اور خونی انقلاب کا عندیہ یہ سب قومی سلامتی کیلئے زہر قاتل ثابت ہو رہے ہیں۔ موجودہ گھمبیر ملکی سیاسی حلات کے تناظر میں ریاست اور معاشرے میں عدم رواداری، تحمل و بردباری، برداشت سب سے بڑا مسئلہ بن چکی ہے۔ پی ٹی آئی سربراہ اور The establishment کے مابین ٹکراؤ نے ملکی فضاء کو مکدر کر دیا ہے۔ ہمارے سیاسی قائدین کے معاندانہ وجارحانہ رویے نے ہمارے ازلی دشمن کا کام آسان بنا دیا ہے اور بھارتی میڈیا شادیانے بجا رہا ہے۔ جس کا اعتراف بھارتی ٹی وی چینلز پر بیٹھی عسکری قیادت نے بھی کیا جن کو عمران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ دیار غیر، یورپی ممالک میں پی ٹی آئی کے احتجاج میں بھارتی شہریوں کی شرکت نے اس معاملے کو اور بھی مشکوک بنا دیا ہے۔ عمران خان کے تین بنیادی مطالابات میں فوری انتخابات کا اعلان، نگران سیٹ اپ کا قیام اور تیسرا سب سے اہم مطالبہ کو تسلیم کروانے کیلئے ملک کو آگ میں دھکیلا جا رہا ہے وہ آرمی چیف کی تعیناتی کا معاملہ ہے۔ جو ان کے مطابق نئی منتخب حکومت کرے گی۔ جبکہ ملک کی سیاست بند گلی میں داخل ہو چکی ہے۔ عمران خان پر قاتلانہ حملے کی سنگین واردات کی ایف آئی آر کا اندراج فوری طور پر عمل میں آجانا چاہیے تھا کیونکہ اس کے بغیر تحقیقات شروع نہیں ہوتی جبکہ تاخیر کی وجہ سے ثبوت وشواہد کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ بھی ہوتا ہے۔ تاہم یہ معاملہ پراسرار طور پر موخر ہوتا رہا یہاں تک کہ سپریم کورٹ کے اس انتباہ کے بعد ایف آئی آر درج کی گئی۔ اس دوران ایک ممتاز امریکی ٹی وی چینل کو دیے گئے انٹرویو میں بھی عمران خان میزبان کی جانب سے بار بار پوچھے جانے والے اس سوال کو جواب نہیں دے سکے کہ سازش میں ان افراد کے ملوث ہونے کا ان کے پاس ثبوت کیا ہے۔ اس صورت میں ان افراد سے مستعفی ہونے کا جو مطالبہ عمران خان کر رہے ہیں اسے تسلیم کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ ملک کا کوئی بھی شہری کسی بھی معاملے میں اعلیٰ حکومتی اور ریاستی عہدیداروں پر شک کا اظہار کر کے ان کا استعفیٰ لینے کا اہل قرار پائے گا کیونکہ آئین کی رو سے ہر شہری کو یکساں حقوق حاصل ہیں۔ لہٰذا تحریک انصاف کے قائد کی جانب سے استعفوں کا یہ ناجائز مطالبہ سراسر غیر

میڈیا کرائسز اور انٹرپرینورشپ

محمد نورالہدیٰ

وہ پیشہ ورانہ طور پر صحافی ہے۔ اپنے معاشی تحفظ کیلئے اس نے ایک سائیڈ بزنس شروع کیا۔ کہتا، میڈیا کے سیٹھ مافیا کے موڈ بگڑنے کا کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ کب قلم کی ایک جنبش سے برخاستگی کا لیٹر پکڑا دیں۔ میرے بیمار، ضعیف والدین اور چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ ان کی ادویات، تعلیم، گھریلو اور دیگر اخراجات میری قلیل تنخواہ میں پورے نہیں ہو رہے۔ میں ان کی خواہشیں نہیں مار سکتا۔ اسی لئے سائیڈ بزنس شروع کیا ہے۔ دفتر کی مختصر سی تنخواہ اور سائیڈ بزنس کی آمدن ملا کر میرے کئی گھریلو مسئلے حل ہو جائیں گے اور اپنے بچوں اور والدین کی خواہشات پوری کر سکوں گا۔ وہ مزید بتا رہا تھا کہ اب تک ہمارے کتنے ہی دوست ''میڈیا کرائسز'' کا شکار ہو چکے ہیں۔ حالات اس نہج پر ہیں کہ ذہنی طور پر صحافیوں کو اس بات کیلئے تیار رہنا ہوگا کہ کسی بھی وقت، کسی کو بھی رخصتی کا پروانہ تھمایا جا سکتا ہے۔ سو ضروری ہے کہ متبادل بندوبست رکھا جائے تاکہ یکدم کوئی ایسا جھٹکا زندگی سے مایوس نہ کر دے۔

یہ خیالات ایک صحافی دوست کے تھے۔ جب سے ملک معاشی بحرانوں کا شکار ہوا ہے، ہر شعبہ کی طرح میڈیا انڈسٹری پر بھی زوال آیا ہے۔ میڈیا کے کارکنان کی جبری برخاستگیاں شروع ہوئیں، کئیوں کی تنخواہوں پر کٹ لگے، جو تا حال بحال نہ ہو سکے..... بے شمار کی تنخواہیں تاخیر کا شکار ہوتی ہوتی کئی کئی ماہ نیچے لگ گئیں، جن کے ملنے کی امید ہی نہیں ہے۔ میڈیا انڈسٹری سے کئی سالوں تک وابستہ رہنے اور اسی شعبہ کو اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھنے والے صحافی دوستوں کو مالکان کے ان اقدامات پر جھٹکا لگا۔ کئی دوست تو یہ اقدام برداشت نہ کر سکے اور یا تو بیمار ہو گئے یا دوسری دنیا سدھار گئے۔ دلبرداشتہ ہو کر بیشتر صحافی دوستوں نے میڈیا کی فیلڈ کو خیر باد کہہ کر کوئی اور کام شروع کر دیا۔ کئی دوستوں نے مذکورہ واقعات سے سبق سیکھتے ہوئے میڈیا کی جاب کے ساتھ ساتھ سائیڈ بزنس کا بھی آغاز کر دیا۔ میں کئی ایسے صحافیوں کو جانتا ہوں جنہوں نے سائیڈ بزنس کے عوض خود کو مستحکم کیا اور اس فکر سے آزاد ہوئے کہ اگر میڈیا کے ''سیٹھ'' انہیں نکال بھی دیں، تو ان کے پاس متبادل وسیلہ موجود ہوگا۔

صحافی برادری کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کی کوششوں کے تناظر میں گذشتہ دنوں چند میڈیائی دوستوں نے یونائیٹڈ جرنلسٹ فورم کے پلیٹ فارم سے ڈیجیٹل میڈیا اور فری لانسنگ کے موضوع پر ورکشاپ کا اہتمام کیا۔ اس ورکشاپ کو دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق ڈھالا گیا اور شرکاء کو پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے ڈیجیٹل میڈیا کی جانب منتقل ہونے کی ترغیب دی گئی۔ یوٹیوب چینلز بنانے سے لے کر اس کیلئے مواد (کنٹینٹ) کی تیاری اور اس کے اپ لوڈ کرنے سے لے کر تکنیکی مشکلات کے ازالے تک تربیت دی گئی جبکہ فری لانسنگ کیلئے مہارات میں اضافے کیلئے بھی مختلف تجاویز دی گئیں۔ سوشل میڈیا پر اثر انگیز یوٹیوبرز اور فری لانسرز نے شرکاء کو اپنے تجربات سے آگاہ کیا اور ان کی رو سے انہیں صحافت کی فیلڈ میں رہتے ہوئے اپنے آپ کو اپ گریڈ کرنے کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کی۔

مذکورہ تربیتی پروگرام اور اس جیسی مزید ورکشاپ اس لئے بھی ضروری ہیں کیونکہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں مجموعی حالات جس نہج پر ہیں، ان میں ہم صرف ملازمت پر بھروسہ نہیں کر سکتے۔ بالخصوص گلی بندھی تنخواہ کے حامل افراد کیلئے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے خود کو حالات کے دھارے کے ساتھ بہانا بہت ضروری ہو چکا ہے۔ یونائیٹڈ جرنلسٹ فورم نے جس کام کا بیڑہ اٹھایا ہے، اسے آگے بڑھانا اتنا ہی اہم ہے جتنا کسی بھوکے کو کھانا کھلانا اور کسی کے روزگار کا بندوبست کرنا ..... یعنی ، انٹرپرینورشپ (Entrepreneurship) آج کے دور میں جتنی ضروری ہے، پہلے کبھی نہیں تھی۔ ہر فرد کا انٹرپرینور ہونا نہ صرف معاشی استحکام کا ضامن ہوگا بلکہ ملازمتوں کے حصول کیلئے جوتیاں گھسیٹتے افراد کو بھی خود کو منوانے کے مواقع میسر آسکیں گے۔ میں سمجھتا ہوں یونائیٹڈ جرنلسٹ فورم کو ثابت قدم رہتے ہوئے ایسی سرگرمیاں جاری رکھنی چاہئیں۔ نہ صرف یہ، بلکہ صحافتی کے علاوہ دیگر شعبہ جات کیلئے بھی ماہرین کو آگاہی و تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کرنا چاہئے، تاکہ قلیل تنخواہ کے حامل افراد بھی ان مواقعوں سے فائدہ اٹھا کر اپنے گھروں کا معاشی سرکل خوش اسلوبی سے چلا سکیں۔

وہ پیشہ ورانہ طور پر صحافی ہے۔ اپنے معاشی تحفظ کیلئے اس نے ایک سائیڈ بزنس شروع کیا۔ کہتا، میڈیا کے سیٹھ مافیا کے موڈ بگڑنے کا کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ کب قلم کی ایک جنبش سے برخاستگی کا لیٹر پکڑا دیں۔ میرے بیمار، ضعیف والدین اور چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ ان کی ادویات، تعلیم، گھریلو اور دیگر اخراجات میری قلیل تنخواہ میں پورے نہیں ہو رہے۔ میں ان کی خواہشیں نہیں مار سکتا۔ اسی لئے سائیڈ بزنس شروع کیا ہے۔ دفتر کی مختصر سی تنخواہ اور سائیڈ بزنس کی آمدن ملا کر میرے کئی گھریلو مسئلے حل ہو جائیں گے اور اپنے بچوں اور والدین کی خواہشات پوری کر سکوں گا۔ وہ مزید بتا رہا تھا کہ اب تک ہمارے کتنے ہی دوست ''میڈیا کرائسز'' کا شکار ہو چکے ہیں۔ حالات اس نہج پر ہیں کہ ذہنی طور پر صحافیوں کو اس بات کیلئے تیار رہنا ہوگا کہ کسی بھی وقت، کسی کو بھی رخصتی کا پروانہ تھمایا جا سکتا ہے۔ سو ضروری ہے کہ متبادل بندوبست رکھا جائے تاکہ یکدم کوئی ایسا جھٹکا زندگی سے مایوس نہ کر دے۔

نہایت منفرد تعلقات

تحریر: سفیر نونگ رونگ

چند روز قبل کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی 20 ویں نیشنل کانگریس کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی اور اسی دوران وزیراعظم شہباز شریف کا چین کا پہلا سرکاری دورہ بھی تھا۔ چین پاکستان تعلقات کے لئے یہ دو بڑے ایونٹس یکے بعد دیگرے آئے جن کی اہمیت نہایت عیاں اور دور رس ہے۔ 20 ویں سی پی سی نیشنل کانگریس ایک ایسے نازک موقعے پر منعقد ہوئی جب چین ہر لحاظ سے ایک جدید سوشلسٹ ملک کی تعمیر اور دوسرے صد سالہ ہدف کی جانب پیش قدمی کے لئے ایک نئے سفر کا آغاز کر رہا ہے۔ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی 20 ویں سینٹرل کمیٹی کے پہلے اجلاس میں جنرل سیکریٹری شی جن پنگ متفقہ طور پر دوبارہ منتخب ہو گئے۔ یہ چین کو ہر لحاظ سے ایک جدید سوشلسٹ ملک کی جانب نئے سفر کے آغاز کے لئے سب سے بڑی بنیادی سیاسی ضمانت فراہم کرے گا۔ ایک انتہائی غیر یقینی صورتحال کا سامنا کرتے ہوئے جس میں ہمارا وقت اور تاریخ اس طرح بدل رہی ہے جیسے پہلے کبھی نہیں بدلی تھی، چین اس غیر یقینی صورتحال کا جواب خود اپنے یقین کے ساتھ دے رہا ہے۔ اپنی داخلہ اور خارجہ پالیسیوں کے استحکام کے ساتھ عالمی حالات کو عدم استحکام سے محفوظ کر رہا ہے اور اعلیٰ معیار کی پیشرفت کے ساتھ عالمی معیشتوں کی بحالی کے لئے ایک مضبوط اور دیرپا محرک، ذمہ دارانہ رویہ کے ساتھ خطے اور دنیا کی پرامن ترقی کے لئے مسلسل کوشاں ہے۔ جیسا کہ صدر شی جن پنگ نے وزیراعظم شہباز شریف کو بتایا کہ چین مسلسل ترقی کے ذریعے پاکستان اور دیگر دنیا کو ترقی کے مواقع فراہم کرنے کی اپنی پالیسی جاری رکھے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی 20 نیشنل کانگریس کے بعد چین کا دورہ کرنے والے پہلے سربراہ حکومت تھے اور چین نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ صدر شی جن پنگ، وزیراعظم لی کی چیانگ اور نیشنل پیپلز کانگریس کی سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین لی ژان شو نے وزیراعظم شہباز شریف سے مذاکرات کئے۔ فریقین نے ایک مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا اور ای کامرس، ڈیجیٹل اکانومی، زرعی مصنوعات کی برآمد، مالی تعاون، ثقافتی املاک کے تحفظ، انفراسٹرکچر، فلڈ ریلیف، آفات کے بعد تعمیر نو سمیت گلوبل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو، مویشیوں کی بیماریوں پر قابو پانے، ذرائع معاش، ثقافتی تعاون، خلا، جیو سائنسز کے ساتھ ساتھ لا انفورسمنٹ اور سکیورٹی کے شعبوں میں متعدد معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط کئے۔ صدر شی جن پنگ کی یہ دو ماہ سے بھی کم عرصے میں وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ دوسری ملاقات تھی۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو 20 ویں نیشنل کانگریس کے فوری بعد دورہ چین کی ذاتی طور پر دعوت دی۔ اس دورہ سے چین پاکستان تعلقات کی انفرادیت اور چین کی مجموعی سفارت کاری میں پاکستان کی اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔ یہ بے مثالیت سٹریٹجک کوآرڈینیشن اور سیاسی باہمی اعتماد کی اعلیٰ ترین سطحوں پر موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو بیان کرنے کے لئے "آہنی دوستی " کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو اپنی خارجہ پالیسی کے بنیادی ستون کے طور دیکھتا ہے۔ جیسا کہ صدر شی جن پنگ نے وزیراعظم شہباز شریف سے کہا کہ چین پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو سٹریٹجک اور طویل المدتی نقطہ نظر سے دیکھتا ہے اور چین اسے اپنے ہمسایوں کے ساتھ سفارت کاری کے حوالے سے ترجیح دیتا ہے۔ چین پاکستان تعلقات کی انفرادیت ایک دوسرے کے بنیادی مفادات سے متعلق امور کے حوالے سے باہمی تعاون میں مضمر ہے۔ اس سال، پاکستان نے نینسی پیلوسی کے دورہ تائیوان اور انسانی حقوق کونسل میں سنکیانگ سے متعلق مسائل کو اٹھانے کی کوششوں کے حوالے سے چین کی بھرپور حمایت کی۔ اسی طرح چین پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سکیورٹی اور سماجی و اقتصادی ترقی وخوشحالی کو فروغ دینے میں مدد کر رہا ہے۔ ہماری قریبی ہم آہنگی دوطرفہ اور بین الاقوامی سطح سے بڑھ کر کثیر الجہتی ہو چکی ہے جو مشترکہ طور پر گلوبل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو اور گلوبل سکیورٹی انی شی ایٹو کے نفاذ کو فروغ دے رہی ہے اور گلوبل گورننس کو مزید منصفانہ اور مساوی بنانے کے لئے مل کر کام کر رہی ہے۔ پاک چین تعلقات چین پاکستان اقتصادی راہداری سے عبارت عملی تعاون کی ٹھوس معاونت کے حامل ہونے کے ساتھ ساتھ بے مثال بھی ہیں جس نے "شاہراہ اور پٹی اقدام "میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ سی پیک کے تحت 25 ارب ڈالر سے زائد کی مجموعی سرمایہ کاری کے ساتھ 47 منصوبے شروع یا مکمل کیے جا چکے ہیں اور روزگار کے ڈیڑھ لاکھ مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ 27 اکتوبر کو منعقد ہونے والی 11 ویں جے سی سی جس کے دوران دونوں ممالک کے رہنماؤں نے ایم ایل ون منصوبے پر جلد عملدرآمد کے لئے اہم اتفاق رائے کیا۔ چین نے کراچی سرکلر ریلوے پر سرگرمی سے پیش رفت پر اتفاق کیا اور وہ سٹشی اور دیگر قابل تجدید توانائی منصوبوں میں شرکت کے لئے چینی کاروباری اداروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ سی پیک کے اگلے مرحلے میں ہم پاکستان میں صنعتوں کے فروغ اور اس کی برآمدی مسابقت کو بڑھانے کے لئے صنعت، زراعت، سائنس اور ٹیکنالوجی میں تعاون کو بہتر بنائیں گے۔ صحت کی راہداری، صنعتی راہداری، ڈیجیٹل راہداری اور گرین کوریڈور جیسے تصورات سی پیک کی اعلیٰ معیار ترقی کا اہم حصہ ہوں گے۔ علاوہ ازیں رواں سال چین کو پاکستان کی برآمدات 4 ارب ڈالر سے تجاوز کر جانے کی توقع ہے۔ اس حوالہ سے زراعت ابھرتی ہوئی نمو والا شعبہ ہے۔ چین کے ساتھ زرعی تجارت میں پاکستان کا منافع گزشتہ سال 640 ملین ڈالر تک پہنچ گیا جو سالانہ بنیادوں پر 13 فیصد اضافہ ہے۔ اس دورہ میں چیری کی چین کو برآمدات میں سہولت کے انتظامات کئے گے۔ چین اپنی میگا مارکیٹ تک پاکستان کی رسائی کا خیر مقدم کرتا ہے۔ چین پاکستان کی طرف سے اعلیٰ معیار کی غذائی اور زرعی مصنوعات کی اپنے ہان فروخت کا بھی خیر مقدم کرتا ہے۔ پاکستان کی طرف سے چینی سرمایہ کاروں کو تحفظ کی ضمانتیں اور سی پیک آئی پی پیز کو درپیش مسائل کے حل کی کوششیں پاکستان میں کاروبار شروع کرنے کے لئے چینی سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کریں گی اور کاروباری تعاون کی وسیع تر استعداد کے لئے دروازے کھول دیں گی۔ چین اور پاکستان کے درمیان پائے جانے والے خلوص کی وجہ سے بھی دونوں ممالک کے مزید منفرد نوعیت کے تعلقات یہ سب کچھ حاصل کرنے میں مددگار رہوں گے۔ چینی لوگوں کو اب تک یاد ہے کہ 2008 میں ونچوان میں زلزلے کے بعد پاکستان نے اپنے پاس موجود تمام خیمے ان کو عطیہ کر دیئے۔ پاکستان میں رواں سال غیر معمولی سیلاب کے بعد چین نے پاکستان کی بھرپور مدد کی۔ اس مالی اور مادی امداد کا مجموعی حجم 660 ملین یوان تک پہنچ گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ چین کے دوران چین نے پاکستان میں سیلاب سے تباہی کے بعد تعمیر نو کے لئے 500 ملین یوان کی ہنگامی امداد کا اعلان کیا جس سے پاکستان کے لئے چین کی مجموعی امداد 1.16 ارب یوان 36)ارب روپے (تک پہنچ گئی جو دیگر ممالک کے مقابلہ میں سب سے زیادہ ہے۔ چین نے سیلاب سے تباہی اور بحالی اور تعمیر نو کے کام کا اندازہ لگانے کے لئے ماہرین کی ٹیمیں بھی روانہ کیں۔ دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان قریبی تعاون، اعتماد اور رابطہ بھی موجود ہے اور عسکری وسکیورٹی تعاون میں پیشرفت جاری رہے گی۔ ثقافت کے شعبہ میں پاکستان اور چین نے ثقافتی تعاون اور اس پر عملدرآمدی منصوبہ کے بارے میں معاہدے کو 2027 تک توسیع دی ہے۔ 2023 چین پاکستان ایئر آف ٹورازم اور گندھارا آرٹ نمائش کا حامل ہوگا جو بیجنگ میں پیلس میوزیم میں منعقد ہوگی جس میں پاکستان کی متنوع ثقافت اور چین کے ساتھ رابطے کی طویل تاریخ کو اجاگر کیا جائے گا۔) کورونا وائرس کی (وبا کم ہونے کے ساتھ پاکستانی طالب علموں کی چین واپسی کے معاملے کو مثبت انداز میں حل کیا گیا ہے۔ براہ راست فلائٹ آپریشنز کی بتدریج بحالی اور اس میں مزید اضافہ، دونوں ممالک کے درمیان عوامی سطح پر تبادلے بھی زیادہ فعال ہوں گے۔ پاکستان میں چین کے سفیر کی حیثیت سے نئے تاریخی مرحلے پر میری موجودگی سے ہمارے دوطرفہ تعلقات کے مستقبل کیلئے مجھے میں زیادہ اعتماد بلند توقعات پیدا ہوئی ہیں۔ ہم وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین جو چین کے متاثر پر بھرپور عملدرآمد کیلئے پاکستان کے ساتھ طے کام کریں گے جو پاکستان اور دنیا کیلئے 20 ویں سی پی سی نیشنل کانگریس کے مواقع اور اہمیت کو اجاگر کرنے، نئے دور میں مشترکہ مستقبل کے ساتھ قریب تر پاک چین کمیونٹی کے فروغ اور ہماری سدا بہار تزویراتی معاون شراکت داری کو نئی قوت بخشنے کا حامل ہے۔ مضمون نگار پاکستان میں عوامی جمہوریہ چین کے سفیر ہیں۔

تنقید کرنے والوں کو بھی جیت کی مبارکباد دیتا ہوں، شاہین آفریدی

انجری کے بعد دوبارہ کھیل کے میدان میں اچھی کارکردگی دکھانا آسان نہیں ہوتا

سڈنی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ مجھے تنقید کی فکر نہیں بلکہ میں تنقید کرنے والوں کو بھی جیت کی مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے سڈنی سے میلبرن روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یقین تھا کہ ایک چانس ملے گا، بہت دفعہ اچھی کرکٹ کھیلنے کے باوجود بھی شکست کا سامنا رہا کیونکہ نتائج ہمارے ہاتھ میں نہیں ہوتے۔ جیت کا کریڈٹ مجھے نہیں بلکہ تمام کھلاڑیوں کو جاتا ہے ڈریسنگ روم میں کپتان ہیڈ کوچ اور کھلاڑی کوالیفائی کرنے کے لیے پرامید تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے تنقید کی فکر نہیں ہے جو لوگ تنقید کر رہے ہیں یہ ان کی جاب ہے، میں انہیں بھی جیت کی مبارکباد دوں گا اور کہوں گا کہ وہ اس خوشگوار لمحے سے لطف اندوز

بابر اعظم کے والد کا ورلڈ کپ میں کامیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

اب صرف ایک اور جیت کی دوری پر ورلڈ کپ ہے، اعظم صدیق

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کے والد اعظم صدیق نے بھی قومی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ اعظم صدیق نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے بیٹے، کرکٹر بابر اعظم کی تصویر شیئر کی ہے۔ انہوں نے مولانا رومی کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا کہ جب مشکلات پریشانیاں دل میں ڈیرے ڈال دیں تو صبر سے کام لو کیونکہ صبر کی کنجی سے مسرتوں کے در کھلا کرتے ہیں ور ہم مولانا رومی کی اس نصیحت پر ہی عمل کی کوشش کرتے ہیں۔ اعظم صدیق نے اپنی پوسٹ کے آخر میں قومی ٹیم کی ایونٹ کے فائنل میں کامیابی کے لیے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ قومی کرکٹ ٹیم کی فائنل میں جگہ بنانے میں کامیابی پر پوری قوم کو مبارک، اب صرف ایک اور جیت کی دوری پر ورلڈ کپ ہے۔ واضح رہے کہ جہاں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2022ء میں پاکستان ٹیم کے سیمی فائنل میں پہنچنے کے امکانات ہی تقریباً ختم ہو گئے تھے۔ وہیں اس ٹیم نے نہ صرف سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کیا بلکہ ناک آؤٹ مرحلے میں نیوزی لینڈ کو شکست دے کر فائنل میں بھی پہنچ گئی۔ قومی کرکٹ ٹیم کی فائنل میں جگہ بنانے میں کامیابی پر پوری قوم کو مبارک، اب صرف ایک اور جیت کی دوری پر ورلڈ کپ ہے۔ واضح رہے کہ جہاں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2022ء میں پاکستان ٹیم کے سیمی فائنل میں پہنچنے کے امکانات ہی تقریباً ختم ہو گئے تھے۔

نیوزی لینڈ ٹاس جیتنے کا فائدہ نہیں اٹھا سکا، معین خان

153 رنز کا ہدف پاکستان نے آخری اوور میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کیا تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان معین خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے تینوں شعبوں میں بہترین پرفارم کیا جبکہ نیوزی لینڈ ٹاس جیتنے کا فائدہ نہیں اٹھا سکا۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیوزی لینڈ کے خلاف میچ میں شاہین شاہ آفریدی نے ٹاپ کلاس بولنگ کی اور پاکستان نے تینوں شعبوں میں بہترین پرفارم کیا۔ انہوں نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی ولکسن کو آؤٹ کر کے پاکستان کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ فائنل کھیلنے سڈنی سے میلبرن پہنچ گئی، (آج) ٹریننگ سیشن ہوگا

میلبرن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2022ء کا فائنل کھیلنے سڈنی سے میلبرن پہنچ گئی، قومی ٹیم کا اسکواڈ آج (جمعہ) صبح 11 بجے ایم سی جی میں نیٹ سیشن کرے گا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم سڈنی سے میلبرن کیلئے روانہ ہوئی تو کھلاڑیوں کے چہروں پر مسکراہٹ اور مورال کافی بلند دکھائی دے رہا تھا۔ پاکستانی ٹیم جب میلبرن روانگی کے لیے سڈنی کے ہوٹل سے نکلی تو وہاں فینز بھی بڑی تعداد میں پہنچے گئے، جنہوں نے کرکٹرز کو پھول پیش کیے، تصاویر اور سلیفیاں بنوائیں جبکہ فائنل تک رسائی کے جشن کا کیک بھی کاٹا۔ بس کی جانب جاتے ہوئے ہر کھلاڑی کے ہاتھ میں پھول تھا۔ کپتان بابر اعظم کافی پیتے ہوئے ٹیم بس کی جانب روانہ ہوئے جبکہ محمد رضوان ٹیم بس میں داخل ہوئے تو ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گئے اور مسکراتے رہے، وہ کچھ دیر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے پھر اپنی سیٹ پر چلے گئے۔ نسیم شاہ اور محمد وسیم جونیئر کے بیگ اوور ویٹ تھے، آسٹریلیا میں ڈومیسٹک فلائٹ میں بیگ کا وزن 23 کلو سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے لیکن ان کے بیگ کا وزن 40 کے جی تھا۔ دونوں کو ویٹ دوسرے بیگ میں تقسیم کرنے کا کہا گیا، روانگی کے وقت اوور ویٹ پر دونوں کھلاڑی پریشان ہو گئے۔

آئرلینڈ میں پاکستان ویمن ٹیم کو چیلنج کا سامنا ہوگا، سونیا میکگوئینس

ہم پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی آئرلینڈ میں میزبانی ک

بقیہ 1

میں بھی فرانزک لیب بنے گی۔ فرانزک لیب کی توسیع اور بہتری کے لئے ڈیفنڈ حکام نے تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اجلاس میں ڈولفن پولیس کے افعال کار ازسرنو طے کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے دو ہفتے میں رپورٹ طلب کرلی۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ پٹرولنگ پولیس کی وجہ سے ماضی میں جرائم میں نمایاں کمی آئی، پٹرولنگ پولیس کو شہباز دور میں غیر فعال کرنے سے کرائم بڑھا اور بدامنی پھیلی جرائم کے خاتمے کے لئے پولیس کی معاونت او رپشت پناہی کریں گے۔

بقیہ 2

جو بھی میرٹ پر ہوا سے تعینات کردیں۔ سینٹل سیکیورٹی کے سب سے اہم آرمی چیف کے عہدہ کا فیصلہ لندن میں ہورہا ہے۔ جھنگ اور لالہ موسیٰ میں لانگ مارچ سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم نے کہا کہ تین چار دن سے وزیراعظم لندن میں موجود ہے، وہاں تماشا ہوا ہے، وہاں فیصلہ ہورہا ہے کہ آرمی چیف کون بنے گا۔ قومی سکیورٹی کے سب سے اہم عہدہ کا فیصلہ لندن میں ہورہا ہے، اس ملک کا سزا یافتہ آدمی اور جھوٹ بولنے والا شخص اس تعیناتی کا فیصلہ کررہا ہے، اس کے ساتھ اس کے جھوٹے بیٹے اور بیٹی بھی شامل ہیں۔ بینڈلرز کی یقین دہانی کے بعد اسحاق ڈار وطن واپس آئے۔ شریف فیملی میں جو احتساب سے بھاگا وہ لندن میں بیٹھا ہوا ہے اور ملک کے مستقبل کا فیصلہ کررہے ہیں۔ مہذب دنیا میں ایسا نہیں ہو سکتا کہ مجرم اہم تعیناتی کا فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے ڈیلی میل پر ہرجانہ کیا، اور لندن میں عدالت میں چلے گیا، موجودہ وزیراعظم کو وہاں کی عدالتوں کا نہیں پتہ، وہاں کی عدالت نے وزیراعظم کو وہاں بلا لیا ہے، اسے نہیں پتہ یہ وہاں پھنس گیا ہے، ڈیلی میل نے شہباز شریف کی چوری پر سنگین الزامات لگائے ہیں۔ برطانیہ، یورپ میں وسائل پاکستان سے زیادہ نہیں ہیں لیکن وہاں انصاف پر مبنی نظام ہے، ملک میں قانون کی حکمرانی تک خوشحال نہیں ہوسکتے، جمہوریت، حقیقی آزادی نہیں آسکتی۔ جتنی مرضی اچھی پالیسیاں لے آئیں جب تک انصاف کی حکمرانی نہیں ہوگی کوئی ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ اوورسیز پاکستانی پاکستان میں اس لیے پیسے نہیں لگاتے کیونکہ وہ کہتے ہیں پاکستان میں ہمیں کوئی تحفظ نہیں دیتا، یہاں پر قانون کمزور ہے اور سرمایہ محفوظ نہیں ہے۔ پی ٹی آئی چیئرمین کا کہنا تھا کہ ٹی ٹی کیس بہت اہم ہے، ماڈل ٹاؤن سے پیسہ گاڑیوں میں پولیس کی نگرانی میں جاتا تھا، بعد میں اسے ڈالر میں تبدیل کر کے بیرون ملک بھجواتا تھے، اس کے بعد یہ پیسہ نامعلوم اکانٹ میں منگوائے جاتے تھے۔ یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ ان کو ہر کچھ وقت کے بعد انہیں این آر او مل جاتا ہے، آصف زرداری، شریف فیملی نے بہت پیسہ لوٹا اور باہر بھیجا۔ ہمارے اوپر الزامات ہیں کہ ہم نے آرمی چیف کی تعیناتی کا معاملہ متنازع کردیا ہے میں کہتا ہوں جو بھی میرٹ پر ہوا سے آرمی چیف بنادیں، مجھے نہ تو نیب کا، چیف جسٹس اور نہ ہی کسی اور ادارہ کا سربراہ چاہیے جو بھی ہو میرٹ پر تعیناتی ہو۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد آئی جی کو سزا ہونے والی تھی، اسے یہ بڑا عہدہ دے دیا گیا۔ شہباز شریف نے اسے چوں کر لگایا۔ اسے لگایا اس لیے کہ اپنے غلط کام کروا سکیں، پاکستان کی بزنس کمیونٹی، مزدوروں اور کسانوں سے پوچھیں ہمارے دور حکومت میں ملک کس طرف جارہا تھا، معاشی شرح نمو 6 فیصد سے زیادہ ہورہی تھی، ہمارے دور میں تیل بہت مہنگا تھا، لیکن عوام کو سبسڈی کے ذریعے ستا دیا۔ ہمارے دور میں مہنگائی 15 فیصد تھی، اب ملک میں مہنگائی 40 فیصد کے قریب پہنچ چکی ہے، موجودہ حکومت سے ملک نہیں سنبھال رہا، روپیہ 49 روپے گرا ہے، ان کے دور میں پٹرول، بجلی کی قیمتیں بہت زیادہ ہیں، ہمارے دور میں بہت قیمتیں کم تھیں۔ بینڈلرز جن کو لے کر آئے ہیں اور جو ملک کے مسائل ہیں ان کے بارے میں کون بتائے گا۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ملکی قرضوں کو کیسے اتاریں گے، دولت میں اضافہ نہیں ہورہا، ملک قرضوں میں ڈوب رہا ہے، ٹیکس کلیکشن، ایکسپورٹ، زرمبادلہ کے ذخائر، ترسیلات زر بھی گر رہی ہیں۔ لوگوں کے منہ بند نہیں کیے جاسکتے، ارشد شریف کے ساتھ بہت ظلم ہوا، اس کا ذمہ دار کون ہے، اعظم سواتی، شہباز شریف جیسے دیگر لوگوں پر تشدد کیا گیا، اس کے بعد ویڈیو سامنے آئی، نیوٹرلز چاہتے ہیں کہ ہم ان چوروں کو تسلیم کرلیں۔ حقیقی آزادی کی تحریک عمران خان کی نہیں، نوجوانوں سمیت ملک کی آزادی کی تحریک ہے۔ یہ انصاف لینے کے لیے ہے، جب تک ہمیں انصاف نہیں ملتا، ہماری عدلیہ ہمارے حقوق کی حفاظت نہیں کرتی، جب تک طاقتور مافیا قانون کے نیچے نہیں آتا اور انصاف آنے تک ملک آگے نہیں جاسکتا، ملک سے باہر کسی کو نوکری نہیں کرنی پڑے گی، ملک میں سب کچھ ہے، آزادی چھینی پڑتی ہے۔ تمام شہریوں کو کہتا ہوں ہمارے ساتھ ملکر نکلیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کی زیر صدارت غیر رسمی مشاورتی اجلاس ہوا، اجلاس میں پارٹی کے سینئر رہنما فواد چودھری سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سابق وزیراعظم کو گجرات کی تحصیل لالہ موسیٰ، جھنگ کے علاقے اٹھارہ ہزاری کے قریب لانگ مارچ کے جلسوں سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ دوسری طرف پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین سے پی ٹی آئی رہنما اور سینئر قانون حامد خان نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمات پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر عمران خان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کسی غیر آئینی اقدام پر یقین نہیں رکھتی، پی ٹی آئی واحد جماعت ہے جو جمہوریت کی بالادستی کی جنگ لڑ رہی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا کہ عمران خان کو کوئی شوق نہیں کہ ان کی کوئی پسند کا آرمی چیف لگے، جو میرٹ پر ہے اسے آرمی چیف لگا دیا جائے۔ اسد عمر نے جھنگ میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہ عمران خان نے کسی ادارے سے غلط کام نہیں کروایا۔ آج لانگ مارچ کا آغاز سلطان باہو کے دربار سے ہوا ہے، ملک میں کہیں بھی آئین اور قانون نظر نہیں آرہا، عمران خان کی کال جس دن عوام باہر نکلی اسی دن نظر آگیا تھا کہ پاکستان پچھلے پچھتر سال والا پاکستان نہیں رہے گا۔ یہ وہ پاکستان نہیں رہے گا جہاں پاکستان کی عوام کے فیصلے بند کمروں کے اندر، ضمیروں کی منڈی لگا کر طاقت کا لین دین کرکے کیے جائیں گے یا لندن میں امریکا میں کیے جائیں گے بلکہ پاکستان کے فیصلے ملک میں ہی ہوں گے۔

بقیہ 3

نے والدین کی غیر موجودگی میں گھر آ کر خاتون پر تیزاب پھینکا، تیزاب سے خاتون کا بازو اور جسم جھلس گیا۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے انوسٹی ویشن ونگ کے حوالے کردیا گیا۔ پولیس پراسیکیوشن پارٹنر کی مدد سے ملزمان کو سخت سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 4

اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات میں تاریخ کی تبدیلی کردی گئی، آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات رواں ماہ کی 15 تاریخ سے شروع نہیں ہوسکیں گے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف چاہتا ہے مذاکرات سے قبل پاکستان اہداف پر مکمل عملدرآمد کرے، سیلاب کے باعث صوبوں سے سرپلس، پرائمری بیلنس کا ہدف پورا نہیں ہوسکا، آئی ایم ایف فیڈرل بورڈ آف ریونیو) ایف بی آر (محصولات کے ہدف میں بھی اضافہ چاہتا ہے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ عائشہ غوث پاشا نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے سیلاب کے باعث اخراجات بڑھنے پر بات ہوئی، سیلاب میں ایمرجنسی فنڈ اور دستیاب وسائل کو استعمال میں لایا گیا، آئی ایم ایف سے اضافی فنڈز کا مطالبہ بھی کیا جائے گا، سیلاب سے جو اہداف حاصل نہیں ہوسکتے آئی ایم ایف نے رپورٹ مانگ لی۔

بقیہ 5

یا، چار سال الزام بہتان اور جھوٹ کا تماشا لگایا، عوام کے روزگار اور مہنگائی پہ تماشا لگایا۔ انہوں نے کہا کہ چار سال ملک میں لوٹ مار کے تماشے لگائے، گھڑیوں اور ہاروں کے لوٹ مار کے تماشے ہوتے رہے، لوگوں کی پگڑیاں اچھالنے، شہداء کے خلاف غلیظ مہم چلانے، اداروں میں بغاوت کے تماشے لگائے گئے، ذاتی سیاست پر قومی مفادات قربان کرنے کے تماشے لگائے گئے، لوگوں کی پگڑیاں اچھالنے کے تماشے کیے گئے۔ وزیراطلاعات نے مزید کہا کہ عمران صاحب اب آپ کے تماشے بند ہونے کا وقت ہو چکا ہے۔

بقیہ 6

2017 سے اکتوبر 2022 کے اختتام تک حوثی ملیشیا کے خواتین کے عسکری ونگ، زینبیات بریگیڈز کی جانب سے خلاف ورزیوں کے 1,444 واقعات کا انکشاف ہوا ہے۔ یمنی نیٹ ورک فار رائٹس اینڈ فریڈم کے طرف سے جاری کردہ رپورٹ میں حوثی خواتین کی بٹالین یا نام نہاد ''زینبیات'' کی طرف سے کی جانے والی خلاف ورزیوں کو دستاویزی شکل دی گئی ہے، جن میں خواتین کی گرفتاریاں اور من مانی حراست، لوٹ مار، جنسی زیادتی، مار پیٹ، تشدد، سہولت کاری شامل ہیں۔ خفیہ حراستی مراکز میں عصمت دری، اور یمنی کارکنوں میں سے متعدد کے خلاف مقدمہ چلانا، حوثی ملیشیا کے زیر کنٹرول کچھ گورنریوں میں دھمکیوں پر حملہ، اسکول اور یونیورسٹی کی لڑکیوں کی جبری بھرتی جیسے جرائم شامل ہیں۔ انسانی حقوق گروپ نے حوثی خواتین کی بٹالین کی طرف سے کیے گئے قتل کی 9 واقعات کی نشاندہی کی گئی۔ ان میں سے 6 خواتین کو لاٹھیوں اور تانبے کی تاروں سے مارا پیٹا گیا جس کے نتیجے میں ان کی موت واقع ہوئی۔ حوثیوں کی خاتون ملیشیا کے تشدد سے 42 خواتین زخمی بھی ہوئیں۔ رپورٹ میں ''زینبیات'' بریگیڈز کی طرف سے شہری حقوق کی خلاف ورزیوں کے تقریباً 172 کیسز کا انکشاف کیا۔ زینبیات ملیشیا کی طرف سے سروسز اور صحت کی سہولیات پر 31 چھاپے، تعلیمی اداروں پر 76 چھاپے اور عبادت گاہوں اور قرآن پاک کے مراکز پر 65 چھاپے مارے گئے۔ رپورٹ میں ''زینبیات'' بریگیڈز کے ہاتھوں تقریباً 571 خواتین کے اغوا کو بھی شامل کیا گیا ہے، جن میں سے 231 اب بھی حوثی جیلوں میں ہیں، جن کی نگرانی انہی بٹالینز کے ذریعے کی جاتی ہے۔ رپورٹ میں اس بات کی نشاندہی کی گئی ہے کہ ''زینبیات'' نے تقریباً 62 اغوا شدہ خواتین کو نفسیاتی اور اور جسمانی تشدد کا نشانہ بنایا۔

بقیہ 7

واپسی کے لیے ایئرپورٹ پر روانگی سے قبل طبیعت ناساز ہوگئی۔ وزیراعظم کو ایئرپورٹ روانگی سے قبل ہلکا سا بخار محسوس ہوا۔ طبیعت ناساز ہونے پر فیملی نے وزیراعظم کو سفر نہ کرنے کا مشورہ دیا۔ خاندانی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم آج یا کل رات وطن واپس روانہ ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف لندن میں موجود ہیں جہاں وہ ملکی سیاسی صورتحال اور دیگر اہم امور پر مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے طویل مشاورت میں مصروف ہیں، جبکہ گزشتہ روز ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ آرمی چیف کی تعیناتی سے متعلق میرٹ کو ترجیح دی جائے گی، نواز شریف اور شہباز شریف کی ملاقات کے دوران اہم فیصلے کئے گئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آرمی چیف کی تعیناتی آئینی معاملہ ہے اور آئین کے مطابق طے ہو گا۔ واضح رہے کہ گزشہ روز تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا کہ لندن میں جو تماشا ہورہا ہے وہ ادارے مضبوط کرنے کیلئے نہیں ہے، نواز شریف نے زندگی میں میرٹ پر کام نہیں کیا، فائدے کیلئے رشتہ داروں کو بھی اوپر لے آتا ہے۔ 1993 میں مجرموں کو پیسے لے کر پولیس میں بھرتی کیا گیا، یہ چوری کرنے کیلئے انصاف قانون کی بالادستی نہیں چاہتے۔ انہوں نے ویڈیو لنک پر گجرات میں جی ٹی ایس چوک پر لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قوم اخلاقیات کی وجہ سے اوپر آتی ہے لیکن یہاں اخلاقیات کا قتل ہورہا ہے کہ ایک مفرور آدمی ملک کے فیصلے کررہا ہے، جب ایسا ہوگا تو پھر کون چوری کو برا سمجھے گا؟ پھر کون محنت کرے، کیوں تعلیم حاصل کرے، وہ چوری کرے پیسے بنالے۔ انکا کہنا تھا کہ قوم کو کیا پیغام جارہا ہے کہ جو مجرم ہے، ڈیڑھ سال کیس کی سماعت ہوئی اور جے آئی ٹی بنائی گئی، اس نے نواز شریف کو سزا دی، وہ شخص ملک کے فیصلے کررہا ہے۔

بقیہ 8

بھارت میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر اعلیٰ سطح پر بات چیت کی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری کا کہنا تھا کہ بھارت سے مطالبہ کیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں الیکشن اور سیاسی حقوق بحال کئے جائیں اور یہ یقینی بنایا جائے کہ میڈیا اپنا کام آزادانہ طور پر وہاں جاری رکھ سکے، امید ہے آئندہ برسوں میں کشمیر میں یہ امن یقینی بنایا جاسکے گا۔ ڈونلڈ لو نے سابق وزیراعظم عمران خان سے متعلق سوال کا جواب نہیں دیا، ڈونلڈ لو نے واضح کیا کہ وہ پاکستان کے سابق وزیراعظم کے حوالے سے کوئی سوال نہیں لیں گے۔

بقیہ 9

دعائیں دینے پر مجبور ہوگیا ہو ایسے افسران تحمکہ کا سرمایہ ہوتے ہیں جو ماتحت کے غم و خوشی میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ڈی پی او خیبر جیسے ایماندار و فرض شناس و محبِ وطن آفیسرز عطا فرمائے آمین یارب العالمین

بقیہ 10

آئیں گے، نواز شریف کی واپسی پر تحریک انصاف نظر نہیں آئے گی۔ رانا ثنو حسین نے کہا کہ وزیرآباد ڈرامہ بے نقاب ہوگا، وزیراعظم نے جوڈیشل کمیشن کیلئے خط لکھ دیا ہے، وزیرآباد میں نوجوان معظم عمران خان کے گارڈ کی فائرنگ کا نشانہ بنا۔

بقیہ 11

میں تجربہ رکھنے والی کمپنیوں سے ٹینڈرز طلب کئے ہیں۔ ٹینڈرز کی تفصیلات، شرائط اور شرائط پر مشتمل ٹینڈر دستاویزات گوادر پورٹ اتھارٹی کے صدر دفتر گوادر میں پراجیکٹ ڈائریکٹر کے دفتر کے ساتھ ساتھ اتھارٹی کے کیمپ آفس کراچی سے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔ بولی دہندگان یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں 29 نومبر 2022 کو گوادر پورٹ اتھارٹی کے ہیڈ آفس پاک چائنا فرینڈ شپ ایونیو گوادر میں ٹینڈرز کھولے جائیں گے۔ پری میٹر سیکیورٹی سسٹم گوادر پورٹ ایک بلٹ ان ملٹی پرپز سسٹم ہوگا جو خطرات کا پتہ لگاتا ہے، نگرانی کرتا ہے اور حملے کے نمونوں کا تجزیہ کرتا ہے۔ منصوبے کے تحت گوادر کے لیے حفاظتی اقدامات کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے لگ بھگ 675 سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے۔

بقیہ 12

وطیرہ بنا لیا جب ریٹ لسٹ کے ریٹس پر بات کی جائے تو دکاندار آگے سے کہتا ہے ہوگا ریٹ لسٹ پر ہاتھ ریڑھیوں پر فروٹس فروخت کرنے والوں کے پاس ریٹ لسٹ موجود ہی نہیں ہوتی اگر ان سے ریٹ لسٹ کی بابت بات کی جائے تو وہ کہتے ہیں ہمیں ریٹ لسٹ دی ہی نہیں جاتی ریٹ لسٹ نہ ہونا انتظامیہ اور پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے شہر میں کم سے کم ڈیڑھ 2 سو کے قریب ہاتھ والی ریڑھیاں جس سے ثابت ہوتا ہے انتظامیہ کی مرضی سے گراں فروشی ہورہی ہے نئے تعینات اے سی کے لیے یہ کڑا امتحان کیا اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان گراں فروشوں کو لگام ڈالنے پائیں گے اور پرائس مجسٹریٹس کو فیلڈ میں نکال پائیں گے کیا غریب عوام کو سستی اور معیاری اشیا کی فراہمی کو یقینی بنا پائیں گے یہ کہیں ایک سوالات اے سی گوجر خان کے لیے سوالیہ نشان بن چکے ہیں اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کو دفتر سے باہر بازاروں میں نکل کر ان گراں فروشوں کو نتھ ڈالنے کی ضرورت ہے جب بازاروں میں خود نہیں نکلیں گے تب تک غریب کو یہ گراں فروش نوچتے رہیں گے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان خود بھی بازار کا وزٹ کریں اور اور پرائس مجسٹریٹس کو بھی فیلڈ میں نکالیں تاکہ مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کا قبلہ درست ہو

بقیہ 13

کمیشن پر دباؤ ڈالا، انکا مقصد ہے کہ ہر ادارہ ٹائیگر فورس کی طرح کام کرے اور غلامی کرے۔ قوم عدلیہ، افواج اور الیکشن کمیشن کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔ قبل ازیں شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ الزامات سے لگتا کہ پی ٹی آئی کی اپنی کوئی ایجنڈس ایجنسی ہے، جو دنیا بھر کے راز رکھتی ہے، امریکا سے لیکر کینیا تک، پنڈی سے لیکر وزیرآباد تک صرف جھوٹ کے پہاڑ بنائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی ہمت کریں اور بتائیں کون عمران کو خبریں دے رہا ہے یا ان واقعات کے پیچھے عمران خود ہیں؟ معلوم ہوتا ہے کہ تحریک انصاف کی اپنی کوئی خفیہ ایجنسی ہے جو کے دنیا بھر کی معلومات رکھتی ہے۔ امریکا سے لیکر کینیا تک اور پنڈی سے لیکر وزیرآباد تک صرف جھوٹ کے پہاڑ کھڑے کئے گئے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ مجھے اپنے خلاف قتل کے منصوبے کا تقریباً 2 ماہ پہلے علم ہوچکا تھا اور میں نے 24 ستمبر کو رحیم یار خان اور 7 اکتوبر کو میانوالی کے عوامی اجتماعات میں اس کا پردہ بھی چاک کیا۔ وزیرآباد میں کی جانے والی قتل کی کوشش سکرپٹ کے عین مطابق تھی۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے سنگین الزام عائد کیا کہ میں اس دوسرے افسر کا نام بھی منظرِ عام پر لاؤں گا جو دن 12 بجے سے شام 5 بجے تک کنٹرول روم میں قتل کے منصوبے پر عملدرآمد کی نگرانی کرتا رہا۔

بقیہ 14

علی دم توڑ چکا تھا جس کی نعش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ ایک اور واقعہ میں جڑانوالہ کھرڑیانوالہ روڈ پر چک نمبر 102 کے قریب تیز رفتار بس نے کیری ڈبہ اور کار کو ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں 4 خواتین سمیت 7 افراد واصف ولد یوسف، کاشف ولد شریف، مزمل ولد یاسین، عبدہ زوجہ محمد اشرف، مسرت یاسین، عابدہ پروین زوجہ نور محمد اور رضیہ زوجہ حنیف زخمی ہوگئے۔ ایک دیگر واقعہ میں جھنگ روڈ پر نواں پنڈ سٹاپ کے قریب بستی اوڈاں میں لکڑی اور کانوں کی زیر تعمیر چھت گر گئی جس کے باعث 3 افراد ثقلین ولد غلام رسول، ذوالقرنین ولد غلام عباس اور حسنین ولد غلام عباس زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچی اور ثقلین کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا جبکہ زخمی بھائیوں کو موقع پر فرسٹ ایڈ فراہم کی گئی۔ علاوہ ازیں جڑانوالہ روڈ پر بجلی گھر سٹاپ کے قریب شادی کی تقریب میں نامعلوم وجہ سے گولیاں لگنے پر 2 افراد محمد عباس ولد مشتاق اور محمد یاسین ولد سلطان زخمی ہوگئے جنہیں ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا۔

بقیہ 15

سے آنے والے زائرین ہیلتھ انشورنس پروگرام کے تحت سعودی عرب کے مختلف علاقوں اور شہروں میں موجود 2 ہزار 764 سے زیادہ صحت کے اداروں سے مستفید ہوسکتے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ اس مقصد کے لیے 151 ہسپتال مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ آنے والے زائرین کو صحت خدمات فراہم کررہے ہیں جو سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر کے منتخب ترین ہسپتالوں میں شامل ہیں، اس کے علاوہ 773 ہیلتھ سینٹر اور میڈیکل کمپلیکس بھی زائرین کو صحت سے متعلق خدمات کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں جب کہ مملکت بھر میں 1 ہزار 840 میڈیکل لیب اور فارمیسیاں بھی زائرین کو صحت کی خدمات فراہم کررہی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ بیرون مملکت سے آنے والے عمرہ زائرین کی میڈیکل انشورنس سکیم کا مقصد ریاض الجنہ میں نماز اور عمرہ کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب میں قیام کے دوران عمرہ زائرین کو معیاری صحت کی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ علاوہ ازیں سعودی عرب کی ہیلتھ انشورنس کونسل نے کہا ہے کہ وزٹ ویزوں کی تجدید کے لیے نئے ہیلتھ انشورنس پریمیم کی ادائیگی ضروری ہے، اس لیے وزٹ ویزا میں توسیع کی درخواست کرتے وقت توسیع شدہ مدت کے لیے ایک نئی انشورنس کوریج جاری کی جانی چاہیے اور اسے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف پاسپورٹ (جوازات) کی ویب سائٹ سے منسلک کیا جانا چاہیے، صحت کے بیمہ کی کوریج مملکت میں لائسنس یافتہ انشورنس کمپنیوں کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 16

نہیں کہ اس اہم نوعیت کی تقریب میں موسم رنگ میں بھنگ ڈال دے۔ مگر اچانک آنے والے سمندری طوفان نے اس تقریب کو بری طرح متاثر کیا۔ لبنانی ارب پتی نوجوان اور ٹرمپ کی بیٹی کی شادی کی تقریبات فلوریڈا ریزورٹ میں ان کے مار-ا-لاگو میں شروع ہوئی ہیں۔ مگر شادی کی تقریب ایک سمندری طوفان کی وجہ سے خطرے میں پڑ گئی ہے۔ نیکول نامی طوفان اچانک ظاہر ہوا۔ اس طوفان نے کھڑکیاں ہلا کر رکھ دیں، میز اور کرسیاں اور ان پر موجود ہر چیز اپنی جگہ سے ہل گئی۔ امریکہ میں نیشنل ہریکین سینٹر نے ایجنسیوں کے حوالے سے بتایا گیا کہ اگرچہ نیکول کی شدت گزشتہ روز کم ہوئی تاہم یہ سمندری طوفان سے ایک نچلی آندھی میں تبدیل ہوگیا جو 120 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہواں کے ساتھ فلوریڈا کے مشرقی ساحل سے ٹکرانے لگا۔ لہذا لبنانی نژاد مائیکل پولس اور 29 سالہ ٹیفانی ٹرمپ کی شادی اب بھی نیکول کے رحم و کرم پر ہے۔ شادی میں مدعو کیے گئے بعض مہمان پام بیچ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے بند ہونے کی وجہ سے شرکت سے محروم رہ سکتے ہیں۔ ٹیفانی جس نے یونیورسٹی آف پنسلوانیا سے سوشیالوجی اور ارین اسٹڈیز میں گریجویشن کیا ہے ٹرمپ کی امریکی مارلا میپلز کی اکلوتی بیٹی ہے جو پہلے اداکارہ اور ٹیلی ویژن کی شخصیت کے طور پر جانی جاتی تھیں۔ ٹیفانی کی ماں سے ٹرمپ جینہ 1993 میں شادی کی اور 6 سال بعد طلاق ہوگئی۔ جہاں تک ٹرمپ کے داماد کا تعلق ہتو وہ ایک لبنانی نژاد مسعد بولس کا بیٹا ہے۔ مسعد اپنے خاندان کے ہمراہ ستر کی دہائی میں امریکا منتقل ہوگئے تھے۔ وہ نائیجیریا کے شہر لاگوس میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی، جہاں اس نیا شرافیہ کے ایک اعلیٰ معیاری اسکول میں تعلیم حاصل کی۔

بقیہ 17

انتہائی اہمیت کے حامل اور واضح ہیں۔ ایک آرٹیکل کے مطابق چین کے سفیر کا کہنا تھا کہ چین کے صدر شی جن پنگ نے دوران ملاقات پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کو بتایا کہ چین اپنی جاری ترقی سے پاکستان اور باقی دنیا کیلئے اپنے دروازے کھلے رکھنے اور مواقع فراہم کرنے کی بنیادی پالیسی پر کاربند رہے گا۔ یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف پہلے سربراہ حکومت ہیں جنہوں نے کمیونسٹ پارٹی کی 20 ویں نیشنل کانگریس کے فوری بعد چین کا سرکاری دورہ کیا، چین نے پاکستانی وزیراعظم کا والہانہ استقبال کیا۔ صدر شی جن پنگ، وزیراعظم لی اور نیشنل پیپلز کانگریس کی ذیلی کمیٹی کے چیئرمین لی یانشونے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقاتیں کی جو چین کی مجموعی سفارتکاری میں پاکستان کی اہمیت اور چین، پاکستان تعلقات کی خصوصیت کی عکاس ہے۔

بقیہ 18

'' کارڈ رکھنے والوں کو عمرہ کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔ سعودیہ میں متعلقہ حکام نے واضح کیا کہ ''ھیا'' کارڈ ویزا سے متعلق کچھ کنٹرولز ہیں جو بغیر کسی فیس کے مفت ہیں۔ وزارت خارجہ میں الیکٹرانک ویزا سروسز پلیٹ فارم سے متعلق الیکٹرانک خدمات کے اخراجات ریاست برداشت کرتی ہے۔ جبکہ ''ھیا'' کارڈ رکھنے والوں کو سعودی عرب میں آنے سے پہلے میڈیکل انشورنس حاصل کرنا ضروری ہے۔ اور یہ کارڈ ''ویزا'' پلیٹ فارم کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں ھیا ویزا ورلڈ کپ کے اختتامی دن تک کارآمد رہے گا، ورلڈ کپ کا فائنل 18 دسمبر 2022 ہے۔ یہ ایک سے زیادہ داخلے کا ویزا ہے، اس کارڈ کا حامل کسی بھی وقت سعودی عرب میں داخل اور باہر نکل سکتا ہے۔

بقیہ 19

حالت میں شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان میں منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لڑکی کے والد نے ملزم کو رشتہ دینے سے انکار کرکے بھانجے سے بیٹی کی شادی کردی تھی۔ پولیس نے نوجوان کا ساتھ دینے والے 6 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 20

دارالحکومت عمان میں حالیہ دنوں میں ہونے والے معاہدے کے خلاف زبردست احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کے شرکاء نے اسرائیل کے ساتھ توانائی معاہدے کے خلاف غم و غصے کا اظہار کیا۔ مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ اردن کی حکومت اسرائیل کے ساتھ اس توانائی معاہدے کے علاوہ 1994 کے امن معاہدے کو بھی منسوخ کرے۔ واضح رہے کہ اردن، متحدہ عرب امارات اور اسرائیل نے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے ہیں تاکہ پانی کی فراہمی سے متعلق منصوبے پر کام جاری رکھا جاسکے۔ اردن کی طرف سے اس معاہدے پر وزیر برائے سیاسی توانائی اور وزیر آبپاشی محمد النجار نے دستخط کئے جبکہ متحدہ عرب امارات کی طرف سے موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحولیات کی وزیر مریم المہری نے اور اسرائیلی کی طرف سے علاقائی تعاون کے وزیر عیساوی فرنج نے شرم الشیخ میں موسمیاتی کانفرنس کی سائیڈ لائنز میں اس مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔ اس معاہدے کا مقصد متحدہ عرب امارات کی مدد سے ہونے والے اس معاہدے پر عمل درآمد کے طور پر منصوبے کی فزیبلیٹی رپورٹ پر کام جاری رکھنا ہے جو ایک سال قبل نومبر 2021 میں اسرائیل اور اردن کے درمیان طے پایا تھا۔ اس معاہدے کے مطابق اسرائیل اردن کو پانی فراہم کرے گا جبکہ اردن اسرائیل کو شمسی توانائی کے مواقع دے دے گا۔ لیکن اردنی عوام اسرائیل کے ساتھ معاہدات کے خلاف ہیں۔ اس ناراضگی کے اظہار کے لیے عمان شہر میں لوگوں نے ریلی کا انعقاد کیا۔

بقیہ 21

کے لیے سنٹل بینٹل کریکولم کے تحت کتابوں کی تیاری شروع کردی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ حکومت کی تبدیلی کے باعث رواں تعلیمی سال میں یکساں نصاب کے دوسرے فیز پر عملدرآمد روک دیا گیا تھا۔ حکومت تبدیل ہونے کے بعد سمری کی منظوری نہیں ملی تھی۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ نہم و دہم کی کتابیں تیسرے فیز کے تحت سنٹل بینٹل کریکولم کے مطابق پبلش کی جائیں گی۔ نہم و دہم کی کتابیں سنٹل بینٹل کریکولم کے تحت 2024 میں پبلش کی جائیں گی۔

بقیہ 22

حکومت ٹھپ ہوگئی، پنڈی میں بچیوں کے 50 سکول کالج اور 5 یونیورسٹیاں بنائی ہیں۔

بقیہ 23

موقع پر گورنر پنجاب بلیغ الرحمان، وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ، مختلف ایوان صنعت وتجارت کے صدور سمیت دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی کے حجم کے حساب سے ملک میں محصولات کی شرح صرف 9 فیصد ہے، ٹیکس اکٹھا کرنے والے اداروں کو چاہئے کہ ٹیکس دہندگان کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کریں اور ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کریں۔ ملکی ترقی کے لئے ٹیکس دینا ضروری ہے، ٹیکس چوری سے ملکی معیشت متاثر ہوتی ہے، بدقسمتی سے پاکستان میں بہت کم شہری ٹیکس ادا کرتے ہیں، شرح نمو کے حساب سے ملک میں ٹ

گوجرخان ڈکیتوں کا راج موٹر سائیکل سوار ڈکیت ٹولے عوام کو لوٹنے میں مصروف

ڈی ایس پی اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان کے لیے لمحہ فکریہ پولیس کی کارکردگی سوالیہ نشان

آئے دن لگاتار وارداتیں تسلسل سے جاری پولیس کسی بھی واردات ٹریس کرنے میں ناکام

گوجرخان) قمر شہزاد (تفصیلات کے مطابق گوجرخان میں ڈکیتوں کا راج ڈکیتی کی وارداتوں میں تیزی سے اضافہ آئے روز موٹر سائیکل سوار ڈکیت عوام کو لوٹنے میں مصروف ڈی ایس پی گوجرخان اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان کے لیے لمحہ فکریہ پولیس کی جانب سے کسی قسم کی بھی موثر حکمت عملی دیکھنے کو نظر نہیں آرہی جو کہ پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے شہر میں چوریوں ڈکیتیوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ گزشتہ کئی روز سے تسلسل سے جاری روزانہ کی بنیاد پر عوام چوروں اور ڈکیتوں کے ہاتھوں لٹ رہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

شادی سے انکار پر لڑکی پر تیزاب پھینک دیا گیا، ملزم گرفتار

تہمینہ نے آصف سے شادی سے انکار کیا، دوست رزاق نے لڑکی پر تیزاب پھینک دیا

لاہور (این این آئی) کاہنہ میں شادی سے انکار پر لڑکی پر تیزاب پھینک دیا گیا، پولیس نے بروقت کارروائی کر کے خاتون پر تیزاب پھینکنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن حسن جاوید بھٹی کی سربراہی میں کاہنہ پولیس نے بروقت کارروائی کر کے واقعہ میں ملوث مرکزی ملزم آصف کو گرفتار کیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کے مطابق دوست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی انفورسمنٹ ونگ کی انسداد سموگ کیلئے کارروائیاں جاری

گزشتہ دس روز کے دوران کوڑے کو آگ لگانے کے جرم میں 61 ہزار روپے کے 18 چالان کیے گئے

داخلی خارجی راستوں پر سکریپنگ کے ساتھ ساتھ پانی کا چھڑکاؤ بھی جاری ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی انفورسمنٹ ونگ کی انسداد سموگ کیلئے کارروائیاں جاری، گزشتہ دس روز کے دوران کوڑے کو آگ لگانے کے جرم میں 61 ہزار روپے کے 18 چالان کیے گئے جبکہ کوڑے کو آگ لگانے والوں کے خلاف 3 ایف آئی آر کا بھی اندراج کروایا گیا۔ اس حوالے سے سی ای او علی عنان قمر نے بتایا کہ لاہور کی 944 چھوٹی بڑی شاہراہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

رائے ونڈ، مسلح ڈاکو شہری سے نقدی، موبائل فون چھین کر فرار

مزکورہ مقام پر راہزنی اور ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں

رائے ونڈ (این این آئی) تین مسلح ڈاکو شہری سے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق مقامی شہری بلال ولد مہتاب خاں نے تھانہ سٹی رائے ونڈ میں درخواست دی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وہ بھمبہ پل کے قریب پہنچا تو تین مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر یرغمال بنا کر 14 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لئے واضح رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

لاہور، باغ میں بچے کھیل کود میں مصروف ہیں

پنجاب پولیس کے 45 کروڑ سے زائد فنڈز سے خریداری کیلئے اقدامات شروع

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی جانب سے 45 کروڑ سے زائد فنڈز سے خریداری کیلئے اقدامات شروع کر دیئے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق فنڈز سے مائن ڈی ٹیکٹر، بلٹ پروف روسٹرم، آنسو گیس بندوقیں، ماسک، انٹی رائٹ فورس کیلئے پینٹ بالز اور حفاظتی شیلڈز خریدی جائیں گی۔ اس کیساتھ ڈولفن فورس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

برائلر گوشت کی قیمت میں 8 روپے فی کلو اضافہ، فارمی انڈے بھی مہنگے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 8 روپے اضافے سے 392 روپے فی کلو، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافے سے 261 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت بھی مزید ایک روپے اضافے سے 251 روپے فی درجن کی سطح پر رہی

مختلف حادثات وواقعات میں 7 سالہ بچہ جاں بحق، 12 افراد زخمی ہوگئے

مکوانہ (این این آئی) فیصل آباد میں مختلف حادثات وواقعات میں 7 سالہ بچہ جاں بحق اور 12 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد جھمرہ روڈ پر مہندی محلہ ریلوے کراسنگ کے قریب 7 سالہ بچہ علی ولد ذاکر دلی کھیلتے ہوئے ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچی تاہم مضروب علی دم توڑ چکا تھا جس کی نعش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ ایک اور واقعہ میں جڑانوالہ کھرڑیانوالہ روڈ پر چک نمبر 102 کے قر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی کنگز کے ساتھ میرا سفر شاندار رہا' بابر اعظم

ملنے والے پیار، تعاون اور سیکھنے کا مشکور ہوں' کراچی کنگز چھوڑنے پر پیغام

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز کراچی کنگز چھوڑنے کے بعد پیغام جاری کردیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بابر اعظم نے لکھا کہ کراچی کنگز کے ساتھ میرا سفر شاندار رہا، ملنے والے پیار، تعاون اور سیکھنے کا مشکور ہوں۔ بابر اعظم نے کراچی کنگز کے کھلاڑیوں اور مینجمنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بابر اعظم نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

10 سالہ بچے سے بدفعلی کی کوشش ناکام، پولیس نے قاری کو گرفتار کرلیا

اہل علاقہ نے خوب درگت بنانے کے بعد ملزم کے سر، داڑھی کے بال مونڈ دیئے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے علاقہ شاد باغ میں 10 سالہ بچے سے بدفعلی کی کوشش کرنیوالے قاری کو ورثاء نے پکڑ لیا، اہل علاقہ نے خوب درگت بنانے کے بعد ملزم کے سر اور داڑھی کے بال مونڈ دیئے، پولیس نے گرفتار کر کے کارروائی شروع کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ قاری حبیب الرحمان بچے کو دینی تعلیم دینے گھر آتا اور نشہ حرکات کرتا۔ بچے کے والدین اور محلہ داروں نے قاری کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا جنہوں نے ملزم کی خوب درگت بنا ڈالی اور ملزم کے سر اور داڑھی کے بال مونڈ دیئے، ملزم کو کان پکڑوا کر معافی منگوائی گئی۔ ملزم عبدالرحمان نے والدین کو تحریری معافی نامہ دیا اور ویڈیو بیان میں بھی جرم کا اقرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

لاہور، محنت کش ہتھ ریڑھی پر بھاری سامان رکھ کر لیجا رہے ہیں

یونیورسٹی آف سرگودھا کے 20 برس مکمل ہونے پر تقریبات 14 سے 18 نومبر تک جاری رہیں گئیں

سرگودھا (این این آئی) یونیورسٹی آف سرگودھا کے 20 برس مکمل ہونے پر خصوصی تقریبات 14 نومبر سے شروع ہو کر 18 نومبر تک جاری رہیں گئیں جن میں 17 نومبر کو کانووکیشن کے مہمان خصوصی گورنر پنجاب ہونگے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

رائے ونڈ، کم عمر بچی سے مبینہ زیادتی کی کوشش کرنے پر مقدمہ درج

کپڑے اتار وجو میں نے شور مچانا شروع کیا اور سڑک کی طرف بھاگ گئی

رائے ونڈ (این این آئی) کم عمر بچی سے مبینہ زیادتی کی کوشش کرنے پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد اشرف ولد حسن محمد سکنہ ٹیلاں سرائے محل تحصیل چوکی ضلع قصور نے تھانہ ہذا درخواست دی کہ میں حال مقیم مانگا منڈی کا رہائشی ہوں اور شاہ فارمز نزد بلال بٹ

ٹریفک حادثات میں دو افراد جاں بحق، ایک شدید زخمی ہوگیا

حادثات کے متوفین اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے

سرگودھا (این این آئی) ٹریفک حادثات میں دو افراد جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہوگیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا خوشاب روڈ پر شاہپور کے موضع چاہ کوڑہ کے قریب ٹریفک حادثہ میں موٹر سائیکل سوار نوجوان جانبحق ہو گیا۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ واں بھچراں کے موضع ڈو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

لاہور، سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی فیصل چوک مال روڈ پر ''نو ہیلمٹ، نو مال روڈ مہم'' کی افتتاحی تقریب کے موقع پر شہریوں میں مفت ہیلمٹ تقسیم کر رہے ہیں

چینی ایجوکیشن گروپ اور پاکستانی یونیورسٹی کے درمیان طبی تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

بیجنگ (این این آئی) ایک چینی ایجوکیشن گروپ اور ایک پاکستانی یونیورسٹی کے درمیان طبی تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے ہیں۔ چین کے تانگ انٹرنیشنل ایجوکیشن گروپ اور پاکستان کی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان روایتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

گاڑی کی ٹکر سے لیڈی کانسٹیبل موقع پر جاں بحق

ٹریفک وارڈنز نے فرار ہوتے ڈرائیور کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں گاڑی کی ٹکر سے لیڈی کانسٹیبل موقع پر جاں بحق ہوگئی، ٹریفک وارڈنز نے فرار ہوتے ڈرائیور کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ شاہ دی کھوئی کی جانب کیمپس نزد ہیلے کالج کے قریب لیڈی کانسٹیبل ثناء نذیر اپنے والد کے ہمراہ ڈیوٹی پر جارہی تھی جہاں شہ زور ڈالے نے انہیں پیچھے سے ہٹ کیا جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور، جیلانی پارک میں ونٹر فیملی فیسٹیول میں مصنوعی گاؤں کا منظر

رائے ونڈ، شوہر کے مبینہ اغواء پر بیوی نے تھانے میں درخواست دیدی

رائے ونڈ (این این آئی) شوہر کے مبینہ اغواء پر بیوی نے تھانے میں درخواست دیدی۔ رائے ونڈ سٹی کے علاقہ محلہ غوث پورہ کی رہائشی سونیا بی بی زوجہ ناظم نے پولس کی دی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا کہ وہ اپنے والدین کے گھر گئی ہوئی تھی کہ اسکی عدم موجودگی میں نامعلوم افراد اسکے خاوند ناظم کو اغواء کر کے لے گئے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

بہاولنگر، ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق، پانچ شدید زخمی ہوگئے

بہاولنگر (این این آئی) ہارون آباد روڈ پر ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ پانچ افراد شدید زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ہارون آباد روڈ پر تیز رفتار کار کی دوسری کار کو ٹکر کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ پانچ افراد شدید زخمی ہوگئے، زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ٹی ایچ کیو چشتیاں منتقل کر دیا گیا، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔

جعلی معذوری کا روپ دھار کر بھیک مانگنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

پہلے مرحلہ میں مال روڈ سے گداگروں کا صفایا، شہری ساتھ دیں، آپکی محنت کی کمائی دھوکہ بازوں کیلئے نہیں' سی ٹی او لاہور

لاہور (این این آئی) لاہور میں گداگروں، جعلی معذوری کا روپ دھار کر بھیک مانگنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا گیا۔ اس ضمن میں سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے دوبارہ اینٹی بگری اسکواڈ تشکیل دینے کے لئے ڈویژنل افسران اور سرکل افسران کو ہدایات جاری کردیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک سگنلز پر بھکاریوں اور گداگروں کو فوری ہٹایا جائے، پہلے مرحلہ میں مال روڈ کو گداگروں سے صاف کیا جائے گا، شہری ایسے عناصر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مزاری ہیڈ کوارٹر روجھان میں مرحوم مغفور سردار میر بلخ شیر مزاری کی وفات پر اظہار تعزیت

بھونگ شریف) محمد مراد دشتی (مزاری ہیڈ کوارٹر روجھان میں مرحوم مغفور سردار میر بلخ شیر مزاری کی وفات کے بعد ان کے بڑے فرزند سردار طارق محمود مزاری کی دستار بندی کے لئے تمن مزاری سے تعلق رکھنے والے چیف فیملی شخصیات میر زائی، بہرام زائی طلوزائی، کرم زائی، سید، رستمانی، مسیدانی، گلشیرانی، متاغانی، آذادانی، ہنتانی، کھیڑو، سمبلانی، سیندانی، دولانی، پاہی، لعلانی، گلرانی، عیسیانی، نزہانی، سڈوانی، سیکھانی، قیصرانی، شیرانی، سرگانی، سنجرانی، گہلانی، چونگلی، بنوں، کانڈی، نرمکانی، لولائی، میروئی، ملک برادری، کھوگانی، بکھر برادری، میہانی، سیلاچی، حسنی، سیال، وریام، سندھ پنجاب اور بلوچستان سے آئے ہوئے مختلف برادریوں کے وڈیرے مقدمین عمائدین، معززین علاقہ اور روجھان سٹی سے تعلق رکھنے والے بلوچ نان بلوچوں نے نے دستار بندی میں شرکت کی اس موقع پر تمن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

گلوکارہ میشا شفیع کیخلاف ہتک عزت کے دعویٰ کی گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری

لاہور (این این آئی) سیشن کورٹ لاہور نے گلوکارہ میشا شفیع کیخلاف ہتک عزت کے دعویٰ کی گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج خان محمود نے دو صفحات پر مشتمل تحریری حکم جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ طبیعت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پانچ روزہ انسداد پولیو مہم 21 سے 25 نومبر تک جاری رہے گی

جن میں 206 فکسڈ اور 89 ٹرانزٹ ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پائیں گئیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 21 نومبر سے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہو کر 25 نومبر تک جاری رہے گی جس کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دے کر پولیو ورکرز ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں جو ضلع بھر میں چھ لاکھ 63 ہزار 793 پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے ساتھ وٹامن اے کے قطرے بھی پلائیں گئیں۔ ذرائع کے مطابق محکمہ صحت نے 21 نومبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے لئے انتظامات کو حتمی شکل دے کر تین ہزار 36 پولیو ورکر ٹیمیں تشکیل دے دیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ، قائمقام ڈپٹی کمشنر لورالائی جاں بحق، 1 شخص زخمی

میر عبدالقدوس بزنجو کا جمیل احمد رند کے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ قائمقام ڈپٹی کمشنر لورالائی جاں بحق 1 شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کوئٹہ کے علاقے اسپنی روڈ پر بے نظیر پل کے قریب ٹریفک حادثے کے نتیجے میں قائمقام ڈپٹی کمشنر لورالائی جمیل احمد رند جاں بحق جبکہ انکے ماموں زخمی ہو گئے۔ پولیس نے لاش اور زخمی اور فوری طور پر ہسپتال منتقل کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پنجاب یونیورسٹی نے پانچ سکالرز کو پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کردیں

پی ایچ ڈی مقالہ جات کی تکمیل کے بعد پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کردیں

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی نے شاہد مرتضیٰ ولد ملک غلام مرتضیٰ کو مالیکیولر بائیولوجی کے مضمون میں 'کثیر الجہتی حکمت عملی کے تحت مائیس پر سکے (سبز حیلہ) کے ذریعے منتقل کردہ آلو کے پتہ پلیٹ وائرس کی روک تھام' کے موضوع پر، ماریہ طیب دختر محمد طیب بیگ کو مالیکیولر بائیولوجی کے مضمون میں 'خراب جگر کے علاج کے لئے میزنکائمل اسٹیم سیلز کی اینٹی آکسیڈنٹ سے پری کنڈیشنگ' کے موضوع پر، نیلم صباء دختر عنایت ببو کو بائیوکیمسٹری کے مضمون میں 'پاکستانی خاندانوں میں آٹو سول ریسیسو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

حضرت بابا موج دریا بخاری اور حضرت سید عبدالرزاق المعروف بابا شاہ چراغ کے سالانہ عرس

عرس مبارک کی تقریبات تین یوم تک جاری رہیں گی

لاہور) نمائندہ عوامی للکار (محکمہ اوقاف ومذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام حضرت بابا موج دریا بخاری کے 460 ویں سالانہ عرس مبارک اور حضرت سید عبدالرزاق المعروف بابا شاہ چراغ کے سالانہ عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات کا آغاز ڈائریکٹر ایڈمن محمد اکبر نے دربار پر چادر پوشی سے کیا۔ اس موقع پر زونل ناظم اوقاف لاہور، منیجر اوقاف سرکل نمبر 2 لاہور سمیت دیگر زائرین نے کثیر تعداد میں شرکت کریں کی اور ملک کی ترقی وسلامتی کے لئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ عرس مبارک کی تقریبات تین یوم تک جاری رہیں گی۔ لنگر ودیگر انتظامات کیلئے 96 ہزار روپے کی گرانٹ جاری کردی گئی ہے۔ عرس مبارک کے موقع پر زائرین کے لیے وسیع لنگر اور سکیورٹی کے سخت انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔

لاہور، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سے نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں کامن ویلتھ گیمز میڈلسٹ اتھلیٹ ارشد ندیم ملاقات کر رہے ہیں

ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ فائنل، لیسکو کا (آج) لوڈ شیڈنگ نہ کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے آج بروز اتوار کو پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ہونیوالے آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ 2022ء کے فائنل میچ کے باعث لوڈ شیڈنگ نہ کرنے کا اعلان کردیا۔ اس حوالے سے لیسکو چیف چودھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سی ای او ایجوکیشن فیصل آباد افتخار خان کی تحصیل تاندلیانوالہ سمیت مختلف علاقوں کے سکولوں کی اچانک انسپکشن

مکوانہ (این این آئی) سی ای او ایجوکیشن فیصل آباد افتخار خان نے تحصیل تاندلیانوالہ سمیت مختلف علاقوں کے سکولوں کی اچانک انسپکشن کی اور اساتذہ وناں ٹیچنگ سٹاف کی حاضری، تدریسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

گوادر پورٹ پر پیری میٹرک سکیورٹی سسٹم کی تنصیب کیلئے ٹینڈرز طلب

نگرانی کرتا ہے اور حملے کے نمونوں کا تجزیہ کرتا ہے

لاہور (یو این پی) گوادر پورٹ اتھارٹی نے شہر کو مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے محفوظ بنانے کی غرض سے گوادر پورٹ پر جدید ترین سکیورٹی سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ کیا ہے جس کیلئے کمپنیوں سے ٹینڈرز بھی طلب کر لئے گئے ہیں۔ گوادر پورٹ اتھارٹی نے پیپرا رولز کے مطابق پیری میٹرک سکیورٹی سسٹم کی تنصیب کے لئے متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پاکستان میں طاقتور کو جیل میں نہیں ڈالا جاتا اس سے ڈیل کی جاتی ہے' سلیم اقبال

سارے چور مل کر ملک کا انتہائی اہم فیصلہ کرنے جا رہے ہیں' سینئر صوبائی وزیر کا بیان

ملک کا پیسہ چوری کر کے باہر جانے والا اس ملک کے مستقبل کے فیصلے کر رہا ہے

لاہور (یو این پی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ ایک وہ ہے جسے پاکستان آنے کا کہیں تو کہتا ہے اندر ہو جاؤں گا، پاکستان واپسی کے نام پر کہتا ہے کہ میری جان کو خطرہ ہے اور ایک کپتان ہے جسے کہیں کے اندر بیٹھیں تو کہتا ہے یہ تمہارے ایمان کی کمزوری ہے، جس کا یقین ہے کہ جو رات قبر میں ہے اسے کوئی آگے پیچھے نہیں کرسکتا۔ اپنے بیان میں میاں اسلم اقبال نے کہا کہ نواز شریف ہمیشہ اس آدمی کو اوپر لاتا ہے جس سے اس کو فائدہ ملے۔ ملک کا سابق وزیراعظم ایف آئی آر نہیں کرواسکتا کیونکہ طاقتور سامنے کھڑا ہے۔ یہاں طاقتور کو جیل میں نہیں ڈالا جاتا اس سے ڈیل کی جاتی ہے۔ ان کا اقتدار میں آنے کا مقصد صرف کرپشن کیسز ختم کروانا تھا۔ میاں اسلم اقبال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

گاگڑی باغ بھونگ تا چوک اقبال آباد کچہ رازی تک میٹل روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار

میٹل روڈ کی مرمتی کی ہنگامی بنیادوں پر انتظامات کیے جائیں

بھونگ شریف) محمد مراد دشتی (گاگڑی باغ بھونگ تا چوک اقبال آباد کچہ رازی تک میٹل روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے جگہ جگہ پر گہرے گڑھے پڑ چکے ہیں منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہونے لگا ہے گہرے گڑھوں اور جمپنگ ہونے کی وجہ سے نئی گاڑیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

عالمی تبلیغی اجتماع کا دوسرا مرحلہ (آج) اختتامی دعا کے بعد اختتام پذیر ہوجائیگا

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں جاری عالمی تبلیغی اجتماع کا دوسرا مرحلہ آج (اتوار) اختتامی دعا کے بعد اختتام پذیر ہو جائیگا، اختتامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پنجاب کمیشن برائے حقوق خواتین کی چیئرپرسن کی تعیناتی فوری یقینی بنائی جائے' قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) پنجاب کمیشن برائے حقوق خواتین کی چیئرپرسن فوری تعینات کرنے کے مطالبے کی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروادی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب کمیشن برائے حقوق خواتین کا عہدہ چار سال سے خالی ہے، فوزیہ و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ڈیرہ غازی خان میں کارڈیالوجی سنٹر کے قیام کیلئے جگہ کا انتخاب کر کے فزیبلٹی رپورٹ تیار کرنے کا حکم دیدیا

سرگودھا (این این آئی) حکومت پنجاب نے سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان میں کارڈیالوجی سنٹر کے قیام کیلئے جگہ کا انتخاب کر کے فزیبلٹی رپورٹ تیار کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے پنجاب کے دو اضلاع سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان میں کارڈیالوجی سنٹرز کے قیام کیلئے جگہ کا انتخاب کر کے فزیبلٹی رپورٹ تیار کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ اس حوالہ سے بتایا گیا کہ سرگودھا میں کارڈیالوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

دانشگاہ میں دھت نوجوان کی فائرنگ 9 سالہ بچہ جاں بحق

زخمیوں کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا، واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے

ریسکیو کی امدادی ٹیم نے زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی شروع کردی

مکوانہ (این این آئی) فیصل آباد میں شادی پر فائرنگ کے واقعات، نشے میں دھت نوجوان کی فائرنگ سے 9 سالہ بچہ جاں بحق، تین سالہ بچے سمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روشن والا کی حدود میں واقع 242 چک دسوہہ کی آبادی میں شادی کے تقریب کے دوران فائرنگ سے 9 سالہ بچہ مزمل گولی لگنے سے موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ تین سالہ بچہ عباس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

لاہور، شہری خطرناک طریقے سے ٹرین کے دروازے میں کھڑے ہو کر سفر کر رہے ہیں

اعلان تقرری

www.awamilalkaar.com
info@awamilalkaar.com
Official Cell: 03097900035

عوامی للکار کی جانب سے

محمد مراد چشتی

کو بھونگ شریف سے نمائندہ مقرر کیا جاتا ہے

سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں

منجانب: ادارہ

ناصر CNG اینڈ آٹو ورکشاپ

CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں

فری آئل چینج

مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129

مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

DRESS HOT COM
Ladies Under Garments

Kashf Abeer COLLECTION

بوتیک سٹائل

زنانہ اور بچگانہ

برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس

نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

CEO
Kashf Abeer
0334-6096444

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035